درود شریف کی انتہائی عجیب و مبارک کتاب

البرکات المکیۃ

فی

الصلوات النبویۃ

لإمام المحدثین نجم المفسرین زبدۃ المحققین

العلامۃ الشیخ مولانا

محمد موسیٰ الروحانی البازی

طیّب اللہ آثارہ و أعلی درجاتہ فی دار السلام

البركات المكية

في

الصلوات النبوية

اسم الكتاب : البركات المكية في الصلوات النبوية
اسم المؤلف : محمد موسىٰ الروحاني البازي رحمه الله تعالى
الطبعة الثامنة : ١٤٤١ﻫ - ٢٠٢٠م
جميع الحقوق محفوظة

إدارة التصنيف و الأدب
العنوان : المكتب المركزي : ١٣/دي ، بلاك بى ،
سمن آباد ، لاهور ، باكستان
هاتف : ٠٠٩٢ ٤٢ ٣٧٥٦٨٤٣٠
جوال : ٠٠٩٢ ٣٠٠ ٤٤٢٦٤٤٠
البريد الإلكتروني : alqalam777@gmail.com
الموقع على الشبكة الإلكترونية : www.jamiaruhanibazi.org

All rights reserved
Idara Tasneef wal Adab
(Institute of Research and Literature)
Alqalam Foundation
Address: Head Office: 13-D, Block B,
Samanabad, Lahore, Pakistan.
Phone: 0092-42-37568430
Cell: 0092-300-4426440
Email: alqalam777@gmail.com
Web: www.jamiaruhanibazi.org

الناشر
إدارة التصنيف والأدب

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

البركات المكية

في

الصلوات النبوية

لإمام المحدّثين نجم المفسّرين زبدة المحقّقين

العلّامة الشّيخ مولانا محمّد موسى الرّوحانى البازى

رحمه الله تعالى وطيّب آثاره

إدارة التّصنيف والأدب

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر

إدارۂ تصنیف وأدب

جامعۃ محمد موسیٰ البازی

برہان پورہ، نزد اجتماع گاہ، عقب گورنمنٹ ہائی سکول، رائیونڈ، لاہور

منگوانے کا پتہ »» مرکزی دفتر: القلم فاؤنڈیشن، 13 ڈی، بلاک بی، سمن آباد، لاہور

موبائل: 0092-300-4101882 فون: 0092-42-37568430

www.jamiaruhanibazi.org

Email: alqalam777@gmail.com

کتاب ہذا اجازت لے کر پڑھنا بہت ہی بہتر ہے

(اہلِ لاہور لازماً خانقاہ تشریف لاکر بالمشافہ اور دیگر احباب بذریعہ فون اجازت حاصل کر سکتے ہیں، بایں شرط کہ بالمشافہ ملاقات کر کے بھی اجازت حاصل کرینگے)

یاد رکھیں! کتاب ہذا اجازت حاصل کر کے پڑھنے سے صاحبِ تصنیف عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محدّث اعظم حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی طیب اللہ آثارہ کے ساتھ انتہائی بابرکت عظیم روحانی نسبت قائم ہو جاتی ہے اور ایک خاص روحانی تاثیر کا باعث بن جاتی ہے۔ اجازت درج ذیل پانچ شرطوں کے ساتھ مشروط ہے۔

اگر ان شرائط کو ملحوظِ خاطر رکھیں گے تو انشاء اللہ اس مبارک کتاب کی تاثیر میں حیرت انگیز حد تک بہت ہی اضافہ محسوس کرینگے۔

اجازت کی شرائط

(1) یہ اجازت صرف مستجیز (یعنی اجازت لینے والے) کی ذات تک محدود ہے، آگے کسی اور شخص کو اجازت نہیں دے سکتا۔ کیونکہ آگے اجازت دینے کی شرطیں علیحدہ ہیں۔ (آگے کسی کو اجازت دینے کی اہم و بنیادی شرط یہ ہے کہ اس شخص کا صاحبِ تصنیف و تالیف حضرت شیخؒ کے سلسلہ طریقت کے ساتھ بیعت کا اصلاحی تعلق ہو۔)

(2) کتابِ ہذا کے پڑھنے کے بعد صاحبِ تصنیف و تالیف حضرت شیخؒ کیلئے دعا کرنا لازم ہے کہ "اللہ جل جلالہ ان کے درجات بلند فرمائے۔" (3) کتابِ ہذا کے پڑھنے کے بعد صاحبِ تصنیف و تالیف حضرت شیخؒ کے اہل و عیال اور ان کی اولاد کے لئے بھی دعا کرنا لازمی ہے کہ "اللہ جل جلالہ انہیں دین کا خادم بنا کر اپنے مقبول بندوں میں شامل فرمائے اور دنیا و آخرت کی بھلائیاں عطا فرمائے۔" (4) اس مبارک کتاب کو اپنے لئے

صدقہ جاریہ بنائیں، دوست واحباب میں سے کم از کم دس افراد کو کتاب ہذا کے پڑھنے کی ترغیب ودعوت دیتے رہیں تاکہ یہ کتاب ان کے معمولات (ذکرواذکار) میں شامل ہوجائے۔اسطرح انشاء اللہ یہ کتاب آپ کیلئے تا قیامت ایک عظیم صدقہ جاریہ بن جائیگی۔مگران احباب کو اجازت حضرت شیخؒ کے جانشین ہی سے لینا ہوگی۔(5) یہ کتاب روحانی طور پر انتہائی مؤثر اور بابرکت ہے،لہذا باطنی وظاہری امور ومعاملات میں جو بھی کیفیات محسوس کریں اس سے آگاہ رکھنے کیلئے حضرت شیخؒ کے جانشین وخانقاہ سے رابطہ وتعلق ضرور رکھیں تاکہ یہ بابرکت نسبت قائم ودائم رہے اور آپ کی روحانی کیفیات میں ترقی ہوتی رہے۔

سلسلہ بیعت: محدّث اعظم فقیہ العصر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ کے جانشین اور امام الاتقیاء حضرت سید شاہ نفیس الحسینیؒ کے خلیفہ مجاز (مولانا) فقیر محمد زبیر روحانی بازی (بارک اللہ فی حیٰوتہ) سے سلاسلِ طریقت میں بیعت کے خواہشمند احباب سے درخواست ہے کہ جمعرات،اتوار اور منگل بعد نماز مغرب اوقات کا خیال رکھیں۔شکریہ

شرکت کی عام دعوت ہے: مرکزی خانقاہ میں ہر جمعرات بعد نماز مغرب حضرت شیخؒ کی شروع کردہ ان کے طریقہ کار کے مطابق محفلِ درود شریف (برکات مکیہ) منعقد ہوتی ہے۔

بذریعہ فون اجازت حاصل کرنے کیلئے بھی مذکورہ بالا ایام کو ملحوظ خاطر رکھیں تو بہتر ہے۔

مقررہ وقت اور فون نمبر .... رات 8 : 00 تا 9 : 00 – 0321 8441681

منجانب: خانقاہ محدث اعظم حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی طاب اللہ آثارہ

مرکزی خانقاہ : 13 ڈی، بلاک بی، سمن آباد، لاہور۔ فون: 042 37568430

لاہور: 042 37568430　　رائیونڈ: 0300 4426440

ڈیرہ اسماعیل خان: 0347 6806036

کتاب البَرَکاتُ المکِیّۃ کا مختصر تعارف

درود شریف کی اس انتہائی مبارک اور عجیب کتاب میں مصنفؒ نے رسول اللہ ﷺ کے آٹھ سو ۸۰۰ سے زائد اَسماء کو احادیث کی مستند کتابوں سے انتہائی تحقیق کے بعد درود شریف کی شکل میں جمع فرمایا ہے۔ اس سے پہلے آج تک کسی کتاب میں نبی کریم ﷺ کے اتنے زیادہ مستند ناموں کو اکٹھا نہیں کیا گیا۔

آپ کے ہاتھوں میں موجود اس کتاب کی ابتداء میں مصنفؒ کے مختصر حالاتِ زندگی عربی اور اردو زبان میں شامل کیے گئے ہیں۔ اس کے بعد اصل کتاب شروع ہوتی ہے۔ اصل کتاب کی ابتداء میں مصنفؒ نے درود شریف کے فضائل، اِس کتاب کی خصوصیات اور پڑھنے کا طریقہ تفصیل سے عربی زبان میں تحریر فرمایا ہے اور عوام الناس کی آسانی کیلئے عربی عبارت کے ساتھ ساتھ اس کا اردو ترجمہ بھی درج کیا ہے۔

درود شریف کا وظیفہ کتاب کے صفحہ نمبر ۱۲۳ سے شروع ہوتا ہے۔

وفات کے بعد مصنفؒ کی قبر مبارک سے بڑے عرصے تک جنتی خوشبو آتی رہی۔ اسی دوران مصنفؒ کے ایک شاگرد نے خواب دیکھا کہ مسجد نبوی میں نبی کریم ﷺ کے روضۂ مبارک کی سنہری جالی کا دروازہ کھلا اور اندر سے مصنفؒ انتہائی خوشی کی حالت میں مسکراتے ہوئے باہر تشریف لائے۔ شاگرد نے آگے بڑھ کر سلام کیا اور عرض کیا کہ استادِ محترم! آپ کی قبر مبارک سے جنت کی خوشبو آ رہی ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ تو حضرت محدث اعظمؒ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ میری کتاب "برکاتِ مکیہ" کو بارگاہِ نبوی ﷺ میں شرفِ قبولیت حاصل ہوا ہے اسی لئے میری قبر سے جنتی خوشبو آ رہی ہے۔

بے انتہاء برکات اور حیرت انگیز تاثیر والی یہ کتاب علماء، طلباء اور عوام الناس میں انتہائی مقبول و معروف ہے۔ دنیا بھر میں بیشمار اولیاء اللہ اور عام لوگ

اسے بطور وظیفہ پڑھ رہے ہیں۔ پریشانیوں سے نجات، مشکلات کے حل، قضائے حاجات اور خیر و برکات حاصل کرنے کے لئے یہ کتاب نہایت مفید، مؤثر اور مجرّب ہے۔ اَلبَرَکَاتُ المَکِّیَّۃ پڑھنا شروع کیجئے چند دن میں ہی آپ خود اس کی برکات کا مشاہدہ کرلیں گے۔

پڑھنے کا طریقہ

کتاب اَلبَرَکَاتُ المَکِّیَّۃ پڑھنے کے تین طریقے ہیں۔

پہلا طریقہ۔ سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ایک منزل پڑھتے ہوئے ہر سات دن میں مذکورہ تمام اسمائے نبویّہ ختم کیا کریں۔ کتاب کے اندر ہر منزل کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ان منزلوں کی تفصیل یوں ہے۔

١. پہلی منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۱۲۳ سے۔
٢. دوسری منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۱۴۴ سے۔
٣. تیسری منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۱۶۴ سے۔
٤. چوتھی منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۱۸۶ سے۔
٥. پانچویں منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۲۱۱ سے۔
٦. چھٹی منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۲۳۱ سے۔
٧. ساتویں منزل کی ابتداء صفحہ نمبر ۲۵۰ سے۔

دوسرا طریقہ۔ روزانہ ایک ثُلث پڑھتے ہوئے ہر تین دن میں مذکورہ تمام اسمائے نبویّہ ختم کیا کریں۔ کتاب کے اندر ہر ثُلث کی نشاندہی کی گئی ہے۔

١. پہلا ثُلث صفحہ نمبر ۱۲۳ سے۔ ٢. دوسرا ثُلث صفحہ نمبر ۱۷۰ سے۔
٣. تیسرا ثُلث صفحہ نمبر ۲۲۲ سے۔

تیسرا طریقہ۔ اگر فرصت ہو تو مذکورہ تمام اسمائے نبویّہ (صفحہ نمبر ۱۲۳ سے صفحہ نمبر ۲۷۲ تک) روزانہ پڑھا کریں۔

برکاتِ مکیّہ کے فائدے

کتاب برکاتِ مکیہ کے فوائد بے شمار ہیں۔ درود شریف اور اسماء نبویّہ کی برکت سے ہر حاجت پوری ہوگی ان شاء اللہ تعالیٰ۔ چند اہم فوائد یہ ہیں۔ (۱) ہر مشکل آسان ہوگی (۲) لاعلاج بیماری اور ہر مرض سے شفا ہوگی (۳) تجارت و کاروبار میں بہت برکت ہوگی (۴) مقدمہ میں کامیابی ہوگی (۵) سحر اور جادو کا اثر کاروبار، مال اور گھر کے افراد سے زائل ہوگا (۶) جنات کی شرارت سے خلاصی حاصل ہوتی ہے (۷) عقیمہ عورت یا بے اولاد مرد پڑھے تو اولاد حاصل ہوگی (۸) نرینہ اولاد سے محروم شخص پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیٹا پیدا ہوگا (۹) سفر میں کامیابی وسلامتی حاصل ہوکر واپسی بخیر ہوگی (۱۰) ملازمت بسہولت ملے گی (۱۱) سفر یا حضر میں اپنے پاس رکھنے سے ہر شر و آفت سے سلامتی حاصل ہوگی (۱۲) غیر شادی شدہ کی جلد شادی ہوگی اور پیغامِ نکاح قبول ہوگا (۱۳) دلوں کو مسخّر و تابع بنانے کیلئے نہایت مفید و نافع ہے (۱۴) گمشدہ چیز جلد ملے گی باذن اللہ (۱۵) دشمنوں اور اہل بدعت پر غلبہ حاصل ہوکر اُن کا ہر شر دفع ہوگا (۱۶) ملازمت میں ترقی حاصل ہوگی (۱۷) جس گھر میں یہ کتاب موجود ہو تو درود شریف و اسماء نبویّہ کی برکت سے اس گھر کے باشندے بڑے مصائب، حوادث، غم، چوری، ڈاکے اور آگ لگنے سے محفوظ ہوں گے ان شاء اللہ (۱۸) طالبعلم پڑھے تو علم میں برکت و امتحان میں کامیابی ہوگی (۱۹) حج و عمرہ کی نیت سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ حج و عمرہ کی توفیق دینگے (۲۰) خواب میں نبی علیہ السلام کی زیارت حاصل ہونے کی زیادہ توقع ہے۔

نوٹ۔ مصنّفؒ کی وفات کے بعد ان کی اولاد سے اجازت لینا تاثیر و برکات میں زیادت و اضافے کا موجب ہے۔

فہرست الموضوعات

الموضوع	الصفحة
مع كلّ اسم صلاتان وهناك حساب الصّلوات الربّانيّة فی المسجد النبویّ والمسجد المکیّ ۔	١٠١
ذکر تنبیهٍ لطیفٍ مشتملٍ علی طریق آخر لحساب اجر المصلّی المسلم باعتبار المسجدین المبارکین المسجد النبویّ و المسجد الحرام المکیّ ۔	١٠٩
ذکر تنبیهٍ آخر فی حسابِ الأجور الثلاثة الباقیة من الاجور الاربعة الحاصلة للمصلّی المسلم مطلقاً وبالنظر الیٰ قراءة هذه الصلوات والتسلیمات فی المسجدین المبارکین وهٰذا بیان بدیع نافع جدًّا ۔	١١٥
الفائدةُ الثامنةُ عشرة فی ذکر اسماء اللّٰہ تعالیٰ التسعة والتسعین وبیان أقوال العلماء فی المراد من الاحصاء فی قوله مَن احصاها دَخل الجنّة ۔	١١٩
بیان انّ المصنّف قسّم الاسماء النبویّة المبارکة المذکورة فی هٰذا الکتاب الی ثلاثة أحزابٍ اوّلاً ثم الیٰ سبعة احزابٍ ثانیًا تیسیرًا لقرّاءتها حزبًا حزبًا ۔	١٢٢
سردُ الأسماء النبویّة المبارکة وذکرها علی ترتیب حروف المعجم ۔	١٢٣
بدایةُ الحزب الاوّل و الثُلث الاوّل من الاسماء النبویّة المبارکة ۔	١٢٣
بدایةُ الحزب الثانی منها ۔	١٤٤
بدایةُ الحزب الثالث منها ۔	١٦٤
بدایةُ الثُلث الثانی ۔	١٧٠
بدایةُ الحزب الرابع منها ۔	١٨٦

تمّت الفهرست

هذه المقدمة تبحث عن حياة العالم العلامة
والبحر الفهامة المحدث الأعظم والمفسّر الأفخم الفقيه الأفهم
الرحلة الحجّة اللغوى الأديب صاحب التصانيف الكثيرة
والتآليف الشهيرة مستنبط علم الجلالة ومخترعه الشيخ مولانا
محمّد موسىٰ الروحانى البازى
وعن آثاره العلمية الخالدة وعن خدماته الإسلامية.
رحمه اللّٰهُ تعالى رحمة واسعة وطيَّبَ آثارَه.

بسم الله الرحمن الرحيم

هو العلامة الكبير بل الإمام ذو الشان العظيم نادرة الزمان سلطان القلم والبيان كان آية من آيات الله بلا فرية ونادرة من نوادر الدهر بلا مرية.

هَيهاتَ لا يأتِي الزَّمانُ بمثله
إنَّ الزمانَ بمثله لبَخِيل

مكانة الشيخ محمد موسى الروحانى البازى رحمه الله تعالى عند الله

كان الشيخ البازى متورّعًا، تقيًّا، زاهدًا فى الدنيا، مجاهدًا فى سبيل الله، دامغًا للبدعات، لا يخاف فى الله لومة لائم، وله كرامات كثيرة لا تحصى لضيق المقام سوف نقتصر على ذكر بعضها فقط لتعلم مدى ما كان لشيخنا الجليل من مكانة عظيمة عند الله تعالى وعند رسول الله صلى الله عليه وسلم.

ومن كراماته أنه رابع أربعة فى تاريخ الإسلام الذى انبعثت من قبره الرائحة الذكية رائحة الجنة. وذلك بعد أن تم دفن جثمانه الطاهر

خرجت رائحة المسك والعنبر من قبره وانتشرت فی جمیع المقبرة. وهذه الرائحة موجودة حتی الیوم وقد مضت سبعة أشهر منذ وفاته. فإذا ذهبت إلی مقبرته الموجودة فی میانی صاحب بلاهور تشم تلك الرائحة الذكية التی تفوح بالعطر والعنبر تنبعث من ذلك الجسد الطاهر ومن هذا الثری الطیب ثری شیخنا الجلیل الشیخ محمد موسی الروحانی البازی طیب الله آثاره.

ومنها أن شیخنا الوقور رحل إلی الحج مصطحبا أسرته. وبعد الفراغ من مناسك الحج شدّ الرحال مع أسرته إلی المدینة المنوّرة. فلمّا علم شیخ الإسلام قدوة الأنام العالم الربانی الشیخ مولانا سعید أحمد خان رحمه الله تعالی ورود الشیخ البازی الجلیل إلی المدینة المنوّرة فرحّبه ترحیبا حارًّا واستدعاه مع أسرته إلی المأدبة. فلبّی الشیخ البازی المكرم الدعوة وقدم إلی داره مع أسرته حسب الموعد.

وعندما لاقی الشیخ البازی المحترم الشیخ سعید أحمد خان المحترم جلس عنده. وحینما رأی رجلٌ من ندماء الشیخ سعید أحمد خان الشیخَ البازی فقام مسرعا نحو الشیخ البازی المفخم والتزمه وعانقه وقبّله وصافحه ووقّره غایة التوقیر.

ثم قال له: یا معالی الشیخ! ألتمس من سماحتك بكل أدب واحترام أن تسامحنی. فتعجب الشیخ البازی من حفاوته البالغة وتبجیله إیاه وطلبه منه التسامح وقال له: علی أیّ شیء أسامحك ولا علاقة لی بك ولا أعرفك. وما هو السبب؟

فأجابه الرجل: یا فضیلة الشیخ الجلیل! سامحنی أوّلاً ثم أدلّك

على سبب المسامحة. فتبسّم الشيخ البازى طِبق عادته الشريفة وتلطّف فى الإجابة قائلاً بأنى سامحتك.

ففرح الرجل غاية الفرح وبرقت أسارير وجهه وقال: يا شيخ! الآن أذكر لك السبب. وهو أنى أتمتع بفضل الله وكرمه بالسكنى فى رحاب الطِّيبة الطيّبة المدينة المنوّرة زادها الله تعالى بركة ورحمة وأمنا وهدوءًا. وقد أخبرنى بعض الزملاء بمكانتك الرفيعة وشخصيّتك البارزة فى ميادين العلم والتصنيف والتدريس والدعوة والإرشاد فصرت مشتاقا جدًّا لرؤيتك ولقائك.

فقبل أسبوع دخلت المسجد النبوى الشريف مع بعض زملائى فرأك زميلى وبشّرنى قائلاً إن هذا الرجل الجميل هو الشيخ البازى المكرم الذى كنت تشتاق لرؤيته وللقائه. فرأيتك وكنتَ مشغولاً بالنوافل. فلما أمعنت النظر إلى شخصك ورأيت حلتك الشهباء وعمامتك البيضاء الفاخرة. فخطر فى قلبى بعض الخواطر بأن هذا اللباس الثمين لا يليق بالمشائخ الكرام والعلماء العظام. فما أحببت أن أصافحك وذهبت إلى بيتى.

وفى نفس تلك الليلة رأيت فى النوم أن النبى ﷺ قد جاء عندى ووبّخنى ونبّهنى قائلاً: أظننتَ بموسىٰ هذه الظنون فاخرج من مدينتى.

فاستيقظت مندهشًا ومرتعدًا واجتهدت للقائك فما نجحت إلاّ فى هذا الوقت السعيد. فمن ثم بادرت وطلبت من معاليكم العفو والصفح عن هذه الظنون والوساوس السيّئة.

فرحمه الله تعالى رحمة واسعة وأسكنه بحبوحة جنة الفردوس

وجزاه عن الإسلام والمسلمين خير الجزاء ما قدم من عطاء ذاخر في ميدان العلم والمعرفة في سبيل نصرة هذا الدين وفي سبيل العلم.

مصنفاته العلمية

كان الشيخ البازي رحمه الله تعالى مفرد العصر ونادرة الدهر، بحرًا في العلوم والفنون لا يجاري ولا يماثل، فصيحًا بليغًا، شاعرًا، جامعًا للمنقول والمعقول، مستنبط علم الجلالة ومخترعه، نظير نفسه، فريد الدهر، من أذكياء العالم. له مؤلفات فريدة كثيرة مقبولة مشتملة على حقائق حقيقة ودقائق دقيقة ولطائف لطيفة وغرائب غريبة وعجائب عجيبة ومسائل فريدة ومباحث جديدة واستنباطات عظيمة، وأسرار فنية مخفية دالة على مزية فطنته.

العالم العامل والفاضل الكامل إمام الحرم الشريف فضيلة الشيخ محمد بن عبد الله السبيل حفظه الله تعالى دائمًا يمدح الشيخَ البازي في مجالس علمية.

قَدِم إليه مرّةً وفد علماء الجامعة الأشرفية. فسألهم الإمام عن الشيخ البازي. فتحيّر العلماء بأنه كيف يعرف عالمًا عجميًّا. ثم قال الإمام:

"يأتي إليّ العلماء والمشائخ من جميع نواح العالم ولكن ما رأيتُ وما لقيتُ عالمًا أوسع علمًا وأدقّ نظرًا من الشيخ البازي".

وقد تعددت تصانيف شيخنا الفاضل فزادت تصانيفه في مجال العلم على مائتين كتاب في علوم مختلفة وفنون شتّى مثل التفسير والحديث والمنطق والفلسفة والهيئة القديمة والحديثة وعلم المرايا وعلم

الأبعاد والصرف والنحو والبلاغة وسائر العلوم العربية وعلم التاريخ وغير ذلك.

والحقيقة التي لا يختلف عليها اثنان أن شيخنا الجليل ما ترك فنًّا من الفنون ولا علمًا من العلوم إلّا وألّف فيه كتابًا أو رسالة ما يحيّر الألباب وهذا لا يتوفر لأيّ عالم من العلماء في هذا العصر رحم الله شيخنا الفاضل.

وفاته

وبعد صراع مع المرض رحل أوحد أهل زمانه وفرد أوانه الشيخ الجليل في صلاة عصر الاثنين عن عالمنا. فلقي ربه بنفس آمنة مطمئنة في السابع والعشرين من جمادى الثانية سنة ١٤١٩ هجرية الموافق التاسع عشر من أكتوبر سنة ١٩٩٨ ميلادية وهو ابن ثلاث وستين سنة "يا أيتها النفس المطمئنة ارجعي إلى ربك راضية مرضية فادخلي في عبادي وادخلي جنتي". صدق الله العظيم. ويقول رسول الله ﷺ: إذا مات ابن آدم انقطع عمله إلّا من ثلاث صدقة جارية أو ولد صالح يدعو له أو علم ينتفع به.

أبناؤه

ومن سعادات الشيخ البازي رحمه الله تعالى ان له أبناءً اربعة كل واحد منهم عالم فاضل بعلوم قديمة وعصرية داخلية وخارجية بتوفيق الله عز وجل. وبأدعية الوالد المشفق وبتوجهه التام وتعليمه وتربيته كل واحد منهم أنموذج له ومصداق لكلمات النبوة على صاحبها ألوف التحية من أنه إذا مات ابن آدم انقطع عمله إلا من ثلاث صدقة جارية أو ولد صالح

يدعوله أوعلم ينتفع به. فكأنّ المرحوم يقول على لسان الحال:

تلك آثارنا تدل علينا

فانظروا بعدنا إلى الآثار

وصحّ ماقيل: إن الولد سرّ لأبيه وكل إناء يترشح بما فيه.

فالأكبرمنهم الشيخ محمد زبير الروحاني البازى خريج الجامعة الأشرفية بلاهور وفاضلُها ذهب إلى السعودية وكمّل تعليمه فى مكة المكرمة بجامعة أمّ القرى وعاد إلى الوطن فناب مناب الوالد الفقيد بالجامعة الأشرفية. والثانى منهم محمد عزير الروحانى البازى خريج الجامعة الأشرفية بلاهور. كان يدرس بالجامعة الأشرفية بعد فراغه من دروس الحديث للطلبة الواردين من اوروبّا وغيرها باللغة الانكليسية. ثم رحل إلى أمريكا لإعداد رسالة الدكتوراه (بى، ايج، دى). وفّقه الله لتحصيلها وتكميلها۔

والثالث منهم محمد زهير الروحانى البازى والرابع عبدالرحمن الروحانى البازى وكلاهما فى مرحلة الاستفادة العلمية فى رحاب الجامعة الأشرفية. وفق الله الجميع لما يحب ويرضى.

والله أسأل أن ينفعنا بعلوم شيخنا الجليل وأن يجعل علومه من الصدقات الجاريات والباقيات الصالحات لنا وللأجيال القادمة.

مصنّفِ کتابِ ہذا

شیخ الحدیث والتفسیر

حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی

رحمہ اللہ تعالیٰ وطیب آثارہ

کے بارے میں چند مختصر کلمات

اوران کی زندگی کے مختصر حالات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلّی علیٰ رسولہ الکریم۔

أمّا بعدُ!

ھیھاتَ لا یأتِی الزّمانُ بمثلہٖ

إنّ الزّمانَ بمثلہٖ لبخیلٗ

ترجمہ "یہ بات بڑی بعید ہے، زمانہ ان جیسی شخصیت نہیں لائے گا۔ بیشک ایسی شخصیات کے لانے میں زمانہ بڑا بخیل ہے"۔

محدث اعظم، مفسر کبیر، فقیہ افہم، مصنفِ افخم، جامع المعقول والمنقول، شیخ المشائخ مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی طیّب اللہ آثارہ واعلیٰ درجاتہٗ فی دارالسلام کی شخصیت علمی دنیا میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ اپنے عہد میں دنیا بھر کے ذہین لوگوں میں سے ایک تھے۔ آپ کی علمی مصروفیات قدرت نے آپ کی تسکین کیلئے پیدا کر رکھی تھیں۔

لاریب! ان کی شخصیت سدا یادگار رہے گی۔ اس وقت ان کی موت سے چمنستانِ اسلام اجڑ گیا ہے، علماء یتیم ہو گئے ہیں اور اہل اسلام ان کے علم وفقہ سے محروم ہو گئے ہیں۔ ان کی باتیں بے شمار ہیں، ان کے سنانے

والے بھی بے شمار ہیں۔ ان کی زندگی کے مختلف گوشے لوگوں کے سامنے ہیں اور زندگی ایک کھلی ہوئی کتاب کی مانند ہے۔

کچھ قمریوں کو یاد ہے کچھ بلبلوں کو حفظ
عالم میں ٹکڑے ٹکڑے میری داستاں کے ہیں

اللہ تعالیٰ کے دربارِ جلال و جمال میں حضرت محدث اعظمؒ کا مقام

حضرت شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ کو عند اللہ جو مقام و مرتبہ حاصل تھا اور اس سلسلے میں آپ کو جن کرامتوں اور خصائص سے اللہ تعالیٰ نے نوازا اس پر ایک ضخیم کتاب لکھی جا سکتی ہے۔ ذیل میں اختصاراً ایک دو واقعات ذکر کئے جا رہے ہیں۔

(۱) حضرت شیخؒ کی قبر مبارک سے جنت کی خوشبو کا پھوٹنا

تدفین کے بعد شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ کی قبر اطہر اور مٹی سے خوشبو آنا شروع ہوگئی جس نے پورے میانی قبرستان کو معطر کر دیا۔ دُور دُور تک فضا انتہائی تیز خوشبو سے مہکنے لگی اور یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح ہر طرف پھیل گئی۔ لوگوں کا ایک ہجوم تھا جو اس ولی اللہ کی قبر پر حاضری دینے کیلئے امڈ پڑا، ملک کے کونے کونے سے لوگ پہنچنے لگے اور تبرکاً مٹی اٹھا اٹھا کر لے جانے لگے۔ قبر مبارک پر مٹی کم ہونے لگتی تو اور مٹی ڈال دی جاتی۔ چند ہی منٹوں میں وہ مٹی بھی اسی طرح خوشبو سے مہکنے لگتی۔ قبر کے پاس چند منٹ گزارنے والے شخص کا لباس بھی جنّتی خوشبو سے معطر ہو جاتا اور کئی کئی دن تک اس لباس سے خوشبو آتی۔

یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔ عالم اسلام کی چودہ صدیوں میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے دور کے بعد حضرت شیخؒ تیسری شخصیت ہیں جن کی مرقد اطہر سے جنت کی خوشبو جاری ہوئی جو الحمد للہ سات ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ابھی تک جاری ہے۔ حضرت شیخؒ اللہ تعالیٰ کے کتنے برگزیدہ اور محبوب بندے تھے ان کی اس عظیم کرامت نے اس بات کی تصدیق کر دی۔ یہ عظیم الشان کرامت جہاں حضرت محدثِ اعظمؒ کی ولایتِ کاملہ کی واضح دلیل ہے وہاں مسلکِ دیوبند کیلئے بھی قابل صد فخر بات ہے۔

(۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ سے محبت

اس زمین پر عرشِ بریں کے آخری نمائندہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت محدث اعظمؒ کی محبت وعقیدت عشق کی آخری دہلیز پر تھی۔ درسِ حدیث میں یا گھر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ذکر فرماتے تو رِقّت طاری ہو جاتی، آنکھیں پرنم ہو جاتیں اور آواز حلق میں اٹک جاتی۔

ایک مرتبہ حضرت شیخؒ بمعہ اہل وعیال حج کیلئے حرمین شریفین تشریف لے گئے۔ حج کے بعد چند روز مدینہ منورہ میں قیام فرمایا۔ مولانا سعید احمد خانؒ (جو کہ تبلیغی جماعت کے بڑے بزرگوں میں سے تھے) کو جب آپ کی آمد کی اطلاع ہوئی تو آپ کی بمعہ اہل خانہ اپنی مدینہ منورہ والی رہائشگاہ پر دعوت کی۔ دعوت کے دوران والد محترمؒ، مولانا سعید احمد خانؒ کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ ایک شخص (جو کہ مدینہ منورہ ہی کا رہائشی تھا) آیا، اس نے جب محدثِ اعظم شیخ الشیوخ مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ کو اس مجلس میں تشریف فرما دیکھا تو انہیں سلام کر کے مؤدبانہ انداز میں ان کے قریب بیٹھ گیا اور عرض کیا کہ حضرت

میں آپ سے معافی مانگنے کیلئے حاضر ہوا ہوں، آپ مجھے معاف فرمادیں۔ والد ماجدؒ نے فرمایا بھائی کیا ہوا؟ میں تو آپ کو جانتا ہی نہیں، نہ کبھی آپ سے ملاقات ہوئی ہے۔ تو کس بات پر معاف کروں؟ وہ شخص پھر کہنے لگا کہ بس حضرت آپ مجھے معاف کردیں۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ کوئی وجہ بتلاؤ تو سہی؟ وہ شخص کہنے لگا کہ جب تک آپ معاف نہیں فرمائیں گے میں بتلا نہیں سکتا۔ تو اپنے مخصوص لب ولہجہ میں والد صاحبؒ نے فرمایا اچھا بھئی معاف کیا، اب بتلاؤ کیا بات ہے؟ وہ کہنے لگا حضرت میری رہائش مدینہ منورہ میں ہی ہے۔ میں اپنے رفقاء اور ساتھیوں سے اکثر آپ کا نام اور آپ کے علم وفضل کے واقعات سنتا رہتا تھا چنانچہ میرے دل میں آپ کی زیارت و ملاقات کا شوق پیدا ہوا اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ تمنا بڑھتی گئی مگر کبھی زیارت کا شرف حاصل نہ ہوسکا۔

اتفاق سے چند دن قبل آپ مسجد نبوی میں نوافل میں مشغول تھے کہ میرے ایک ساتھی نے مجھے اشارے سے بتلایا کہ یہ ہیں مولانا محمد موسیٰ صاحب جن کے بارے میں تم اکثر پوچھتے رہتے ہو۔ میں نے چونکہ اس سے پہلے آپ کو دیکھا نہیں تھا اس لئے میرے ذہن میں آپ کے بارے میں ایک تصور قائم تھا کہ پھٹا پرانا لباس ہوگا، دنیا کا کچھ پتہ نہیں ہوگا تو جب میں نے نوافل پڑھتے ہوئے آپ کا حلیہ اور وجاہت دیکھی (حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کا لباس سادہ سا ہوتا، سفید لمبا جبہ نما کرتا پہنتے، شلوار ٹخنوں سے بالشت بھر اونچی ہوتی، سر پر سفید پگڑی باندھتے اور پگڑی کے اوپر عربی انداز میں سفید رومال ڈال لیتے مگر آپ کو اللہ تعالیٰ نے علمی جلال کے ساتھ ساتھ ظاہری جمال اور رعب بھی

بے انتہاء بخشا تھا، نیز نسبتاً دراز قامت بھی تھے اس لئے اس سادہ سے لباس میں بھی آپ کی وجاہت و شان کسی بادشاہِ وقت سے کم معلوم نہ ہوتی اور آپ کو نہ جاننے والے بھی آپ کی شخصیت سے انتہائی مرعوب ہو کر ادب سے ایک طرف ہو جاتے۔) تو میرے ذہن میں جو پھٹے پرانے لباس کا تصور تھا وہ ٹوٹ گیا اور میرے دل میں آپ کے بارے میں کچھ بدگمانی پیدا ہوگئی چنانچہ میں آپ سے ملے بغیر ہی واپس لوٹ گیا۔

اسی رات کو خواب میں مجھے نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی کیا دیکھتا ہوں کہ نبی کریم ﷺ انتہائی غصے میں ہیں۔ میں نے ڈرتے ڈرتے عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ) ! مجھ سے ایسی کیا غلطی ہوگئی کہ آپ ناراض دکھائی دے رہے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔

"تم میرے موسیٰ کے بارے میں بدگمانی کرتے ہو،
فوراً میرے مدینے سے نکل جاؤ"۔

میں خوف سے کانپ گیا، فوراً معافی چاہی، تو نبی کریم ﷺ فرمانے لگے۔

"جب تک ہمارا موسیٰ معاف نہیں کرے گا میں
بھی معاف نہیں کروں گا"۔

یہ خواب دیکھنے کے بعد میں بیدار ہوگیا اور اس دن سے میں مسلسل آپ کو تلاش کر رہا ہوں مگر آپ کی جائے قیام کا پتہ نہیں لگا سکا۔ آج آپ سے یہاں اتفاقاً ملاقات ہوگئی تو معافی مانگنے کیلئے حاضر ہوگیا ہوں۔ حضرت شیخؒ نے جب یہ

واقعہ سنا تو آپ پر رقّت طاری ہو گئی اور آپ پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے۔

ان واقعات سے بخوبی علم ہوتا ہے کہ حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کو اللہ جل جلالہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک نہایت بلند مقام و درجہ حاصل تھا۔ خاص طور پر مدینہ منورہ میں پیش آنے والا مذکورہ بالا واقعہ تو اس قدر عجیب و غریب ہے کہ قرونِ اولیٰ کے علماء و مشائخ کے تذکروں میں بھی اس جیسی مثال خال خال ہی ملتی ہے۔

آپ تصور تو کیجئے کہ حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کا کیا مقام و مرتبہ ہو گا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ سے کس قدر محبت ہو گی کہ آپ کے بارے میں مدینہ منورہ کے اس شخص کی معمولی سی بدگمانی پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہائی ناراضگی کا اظہار فرمایا بلکہ سخت غضب کی وجہ سے اسے مدینہ سے ہی نکل جانے کا حکم فرمایا۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ یقیناً اللہ تعالیٰ کے ان برگزیدہ بندوں اور ان عالی مرتبت اولیاء میں سے تھے جن کے بارے میں اللہ جل شانہ فرماتے ہیں۔

مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ۔

ترجمہ "جس شخص نے میرے کسی ولی سے دشمنی کی،
مَیں اس شخص سے اعلان جنگ کرتا ہوں"۔

ذرا اس حدیثِ قدسی کو دیکھئے اور پھر مذکورہ واقعہ پر غور کیجئے بلکہ یہاں تو رنگ ہی نرالا ہے کہ اس شخص نے حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کو نہ تو ہاتھ سے کوئی تکلیف پہنچائی، نہ استہزاء کیا، نہ اہانت و تحقیر کی، نہ زبان سے کوئی برے الفاظ و

کلمات ادا کیئے بلکہ صرف دل ہی دل میں آپ کے بارے میں بدگمانی کی مگر دشمنی کے معمولی اثرات والی اس حالت و کیفیت پر بھی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا غضب حرکت میں آ گیا اور اسے اپنے شہر کو چھوڑنے اور اس سے نکل جانے کا حکم دے دیا۔

مختصر حالاتِ زندگی

محدث اعظم، مصنف الخم، شیخ الحدیث والتفسیر مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ ڈیرہ اسماعیل خان کے مضافات میں واقع ایک گاؤں کٹہ خیل میں مولوی شیر محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں پیدا ہوئے۔ آپ کے والدِ محترم عالم و عارف اور زاہد و سخی انسان تھے، انکی سخاوت کے قصے گاؤں کے لوگوں میں زبان زدِ عام ہیں۔ آپ کے والدِ محترم مولوی شیر محمدؒ کی وفات ایک طویل مرض، پیٹ اور معدہ میں پانی جمع ہونے، کی وجہ سے ہوئی۔ حضرت شیخؒ کی عمر اس وقت پانچ سال یا اس سے بھی کم تھی۔

والدِ محترم کے انتقال کے بعد آپ کی پرورش آپ کی والدہ محترمہ نے کی جو کہ بہت ہی صالحہ، صائمہ اور قائمہ للہ تعالیٰ خاتون تھیں۔ آپ نے والدہ محترمہ کی نگرانی ہی میں دینی تعلیم حاصل کی، یہی آپ کے والدِ محترم کی وصیت بھی تھی۔

والدِ محترم مولوی شیر محمدؒ کی وفات کے بعد آپ ان کی قبر پر زیارت کیلئے حاضر ہوتے تو قبر میں سے قرآن حکیم کی تلاوت کی آواز سنائی دیتی خصوصاً "سُورۃُ المُلك" کی تلاوت کی آواز آتی۔ حدیث شریف میں سورۂ ملک کے بارے میں آیا ہے کہ یہ سورت اپنے پڑھنے والے کیلئے شفاعت کا باعث بنتی ہے۔

یہ ان کی عجیب و غریب کرامت تھی جسے والد ماجد محدثِ اعظم مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ نے اپنی تصنیف شدہ کتاب ''آثمارُ التکمیل'' (یہ حضرت شیخؒ کی تصنیف کردہ بیضاوی شریف کی شرح ''اَزہارُ التسہیل'' کا دو جلدوں پر مشتمل مقدمہ ہے، اصل کتاب تقریباً پچاس جلدوں پر مشتمل ہے) میں بھی تفصیلاً ذکر فرمایا ہے۔حضرت شیخؒ کے جدامجد '' احمد روحانی رحمہ اللہ تعالیٰ '' بھی بہت بڑے عالم اور صاحب فضل و کمال انسان تھے۔افغانستان میں غزنی کے پہاڑوں کے مضافات میں ان کا مزار اب بھی مرجع عوام و خواص ہے۔

حضرت شیخ محدثِ اعظم مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ نے ابتدائی کتبِ فقہ اور فارسی کی تمام کتابیں مثلاً پنج گنج، گلستان، بوستان وغیرہ گاؤں کے علماء سے پڑھیں، اس دوران گھر کے کاموں میں والدہ محترمہ کا ہاتھ بھی بٹاتے۔گاؤں میں بارش کے علاوہ پانی کے حصول کا اور کوئی ذریعہ نہ تھا، آپ بعض اوقات پانی لانے کیلئے تین تین میل کا سفر کرتے۔

گاؤں میں کتابیں پڑھنے کے بعد آپ بعض علماء کے حکم پر تحصیل علم کیلئے تقریباً گیارہ سال کی کم عمری میں عیسیٰ خیل چلے گئے۔تحصیل علم کیلئے یہ آپ کا پہلا سفر تھا۔یہاں پر چند ماہ میں ہی آپ نے علم الصرف کی کئی کتابیں زبانی یاد کر لیں۔

بعدہٗ ابا خیل ضلع بنوں تشریف لے گئے اور دو سال میں علم الصرف کی تمام کتب فصول اکبری تک اور نحو کی کتابیں کافیہ تک اور منطق کی ابتدائی کتب مولانا مفتی محمود رحمہ اللہ تعالیٰ اور خلیفہ جان محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کی زیر نگرانی ازبر کیں۔

اس کے بعد مفتی محمودؒ کے ہمراہ عبد الخیل آ گئے اور یہاں پر دو سال میں ان سے شرح جامی، مختصر المعانی، سلم العلوم تک منطق کی کتابیں، مقامات حریری، اصول الشاشی، میبذی شرح ہدایۃ الحکمۃ، شرح وقایہ اور تجوید و قراءت کی بعض کتب پڑھیں۔

مزید علمی پیاس بجھانے کیلئے آپ اکوڑہ خٹک دار العلوم حقانیہ تشریف لے گئے۔ یہاں آپ نے تقریباً دو سال قیام کیا جس دوران آپ نے منطق کی تمام کتابیں ماسوائے قاضی مبارک اور فلسفہ کی تمام کتب، علم میراث، اصولِ فقہ اور ادب عربی کی کتب پڑھیں۔

سالانہ چھٹیوں کے دوران مولانا غلام اللہ خان رحمہ اللہ تعالیٰ کے دورۂ تفسیر میں شرکت کیلئے راولپنڈی آ گئے۔ اس کے بعد مدرسہ قاسم العلوم ملتان میں داخلے کیلئے تشریف لے گئے۔ قاسم العلوم میں داخلے کا امتحان صدرا، حمد اللہ اور خیالی جیسی مشکل کتابوں میں زبانی دیا۔ ممتحن نے حیران ہو کر قاسم العلوم کے صدر مدرّس مولانا عبد الخالق رحمہ اللہ تعالیٰ کو بتلایا کہ ایک پٹھان لڑکا آیا ہے جسے سب کتابیں زبانی یاد ہیں۔ یہاں آپ تقریباً تین سال تک حصولِ علم میں مشغول رہے اور فقہ، حدیث، تفسیر، منطق، فلسفہ، اصول اور علم تجوید و قراءتِ سبعہ کی تعلیم حاصل کی۔

حضرت شیخؒ کو اللہ جل شانہ نے بے انتہاء قوتِ حافظہ اور سریع الفہم ذہن عطا کیا تھا۔ زمانۂ طالب علمی میں ہی آپ اپنے تمام ہم جماعتوں پر فائق رہے۔ آپ کے اساتذہ آپ کی شدتِ ذکاوت، قوتِ حافظہ اور وسعتِ مطالعہ پر حیرت و استعجاب کا اظہار کرتے۔ آپ مشکل سے مشکل عبارت اور فنی پیچید گی

کو، جس کے حل سے اساتذہ بھی عاجز آجاتے، ایسے انداز میں حل فرماتے اور فی البدیہہ ایسی تقریر فرماتے کہ یوں محسوس ہوتا جیسے اس مقام پر کوئی اشکال تھا ہی نہیں۔

تدریس سے وابستہ ہونے کے بعد تمام کتبِ فنونِ عقلیہ و نقلیہ کے دروس میں آپ طلباء و علماء کے سامنے اس فن کے ایسے مخفی نکات اور علومِ مستورہ بیان فرماتے کہ سننے والے یہ گمان کرنے لگتے کہ شاید آپ کی ساری عمر اسی ایک فن کے حصول و تدریس اور استحکام میں گزری ہے۔ تمام فنون میں آپ کے اسباق کی یہی کیفیت ہوتی اور آپ اس فن کی انتہائی گہرائی میں جا کر لطائف وبدائع کو ظاہر فرماتے۔

حضرت محدثِ اعظم مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ کو جن علوم وفنون میں مکمل دسترس و مہارت حاصل تھی اس کا ذکر وہ خود بطور تحدیثِ نعمت اپنی بعض تصانیف میں ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

”ومما منّ اللہ تعالی عليّ التبحّر في العُلومِ كلّها النقلية والعقليّة من علم الحديث وعلم التفسير وعلم الفقه وعلم أصول التفسير وعلم أصول الحديث وعلم أصول الفقه وعلم العقائد وعلم التاريخ وعلم الفِرَق المختلفة وعلم اللُّغة العربية وعلم الأدب العربي المشتمل على اثنى عشر فنًّا وعِلمًا كما صرّح به الأدباء وعلم الصرف وعلم الاشتقاق وعلم النحو وعلم المعاني وعلم البيان وعلم البديع وعلم قرض الشعر وعلم المنطق وعلم الفلسفة الأرسطوية اليونانية والإلٰهيّات من الفلسفة اليونانية وعلم الطبيعيات من الفلسفة اليونانية وعلم

السماء والعالم وعلم الرّیاضیات من الفلسفة الیونانیة وعلم تھذیب الأخلاق وعلم السیاسة المدَنِیة من الفلسفة وعلم الھندسة أی علم أقلیدس الیونانی وعلم الأبعاد وعلم الأُکُر وعلم اللّغة الفارسیّة والأدب الفارسی وعلم العروض وعلم القوافی وعلم الھیئة أی علم الفلك البطلیموسی الیونانی وعلم التجوید للقرآن وعلم ترتیل القرآن وعلم القراءات ''۔

آپ دوران درس خارجی قصے سنانا پسند نہیں فرماتے تھے مگر اس کے باوجود مشکل سے مشکل کتاب کا درس بھی جب شروع فرماتے تو مغلق سے مغلق عبارات ومقامات حل ہوتے چلے جاتے اور سننے والوں پر ایسی کیفیت طاری ہوتی کہ جی چاہتا کہ درس جاری رہے کبھی ختم نہ ہو۔یوں معلوم ہوتا جیسے حضرت شیخؒ کے علم نے طلباء پر سحر کر کے انہیں مدہوش کر دیا ہے اور انہیں وقت گزرنے کا احساس ہی نہیں۔ درس جس قدر بھی طویل ہوتا چلا جاتا طلباء پہلے سے زیادہ ہشاش بشاش وتازہ دم نظر آتے اور ایسا لگتا جیسے آپ نے ان میں ایک علمی قوت بھر دی ہو۔

سب سے زیادہ شہرت آپ کے درسِ ترمذی اور درسِ تفسیر بیضاوی کو حاصل ہوئی۔ دُور دراز سے طلباء وعلماء آپ کے درس میں شرکت کی سعادت حاصل کرنے کیلئے کھچے چلے آتے۔آپ کا درسِ حدیث بعض اوقات پانچ چھ گھنٹوں تک مسلسل جاری رہتا۔شدید سے شدید بیماری میں بھی، جبکہ حضرت شیخؒ کیلئے بیٹھنا بھی مشکل ہوتا، یہی صورتِ حال رہتی اور بیماری کے باوجود کئی کئی گھنٹوں کی تقریر کے بعد بھی آپ پر تھکن کے آثار دکھائی نہ دیتے۔طلبہ سے

فرماتے " بھئی یہ سب علم حدیث کی برکات ہیں "۔

خاص طور پر آپ کا درسِ ترمذی پورے پاکستان بلکہ پوری دنیا میں اپنی مثال آپ تھا جس میں آپ جامع ترمذی کی ابتداء سے لیکر انتہاء تک ہر ہر حدیث کا ترجمہ کرتے، مشکل الفاظ کی صرفی ونحوی تحقیق کرتے، مآخذ بتلاتے، محاوراتِ عرب کی تفاصیل سے مطلع فرماتے اور تمام مسائل پر انتہائی مفصل وسیر حاصل بحث بھی فرماتے۔ مسائل میں عام طریقۂ کار کے مطابق دو یا چار مشہور مذاہب بیان نہ فرماتے بلکہ اکثر مسائل میں آپ سات سات یا آٹھ آٹھ مذاہب بیان فرماتے، ہر فریق کی تمام ادلّہ ذکر کرتے اور پھر ہر دلیل کے کئی کئی جوابات احناف کی طرف سے دیتے۔ بعض اوقات فریقِ مخالف کی ایک ہی دلیل کے جوابات کی تعداد پندرہ بیس سے بھی بڑھ جاتی۔

آپ کے درس کی سب سے خاص بات " قَالَ " کیساتھ " أَقُوْلُ " کا ذکر تھا یعنی " میں اس مسئلے میں یوں کہتا ہوں "۔ حضرت شیخؒ کو اللہ تعالیٰ نے استخراجِ جوابِ جدید کا بڑا ملکہ عطا فرمایا تھا۔ آپ اکثر مسائل ومباحث میں اپنی جانب سے دلائلِ جدیدہ وتوجیہاتِ جدیدہ ذکر فرماتے اور وہی جوابات و توجیہات سب سے زیادہ تسلی بخش ہوتیں۔ بعض اوقات ایک ہی مسئلے میں صرف آپ کی اپنی توجیہات وجوابات کی تعداد اس مسئلے میں اسلاف سے مروی مجموعی توجیہات سے بڑھ جاتی اور ساتھ ساتھ یہ فرماتے۔

" مولانا یہ میری اپنی توجیہات واَدِلّہ ہیں اس مسئلہ میں،
روئے زمین کی کسی کتاب میں آپ کو نہیں ملیں گی۔ بڑی

دعاؤں و آہ وزاری اور بہت راتیں جاگنے کے بعد اللہ تعالیٰ
نے میرے ذہن میں ان کا القاء و اِلہام کیا ہے“۔

اس جلالتِ علمی کے باوجود عاجزی کا یہ عالم تھا کہ اپنے جوابات و توجیہات کی نسبت اپنی طرف کرنے کی بجائے اللہ تعالیٰ کی جانب فرماتے تھے کہ بندہ کچھ بھی نہیں، وہی ذات سب کچھ ہے۔ یہ عاجزی و انکساری ان کی سینکڑوں تصنیف شدہ کتابوں میں بھی نظر آتی ہے۔ مصنف حضرات عام طور پر اپنی تصنیفات پر اپنے نام کے ساتھ مختلف القاب بھی لگاتے ہیں مگر حضرت شیخؒ نے اپنی ہر تصنیف پر عاجزی و انکساری کی راہ اپناتے ہوئے اپنے نام کے ساتھ ہمیشہ عبدِ فقیر یا عبدِ ضعیف ـــــ (کمزور بندہ) لکھا جو اُن کی انکساری کی واضح مثال ہے۔ عجز و انکساری کا ساتھ حالتِ نزع میں بھی نہ چھوڑا اور ایسی حالت میں بھی زبان ادب کا دامن پکڑے انکساری و عاجزی کا اظہار کرتے ہوئے اس ذات وحدہ لاشریک لہ کو اس انداز میں پکارتی رہی۔

”إِلٰهِي أَنَا عَبْدُكَ الضَّعِيفُ“.

یعنی ”یا اللہ ! میں تیرا کمزور بندہ ہوں“۔

حضرت محدث اعظمؒ کے اوقات میں اللہ جلّ جلالہٗ نے بہت زیادہ برکت رکھی تھی۔ آپ قلیل سے وقت میں کئی گنا زیادہ کام کر لیتے جس کا اندازہ آپ حضرت شیخؒ کے درسِ ترمذی سے لگا سکتے ہیں کہ ترمذی کی ہر حدیث کا ترجمہ بھی ہو، تمام مشکل الفاظ کی صرفی و نحوی تحقیقات و مآخذ کی توضیح بھی ہو، پھر تمام

مسائل پر اتنی مفصل بحث ہو جیسا کہ ابھی بیان ہوا اور ان سب پر مستزاد یہ کہ آپ سب طلباء سے کاپیاں بھی لکھواتے، چنانچہ مسلسل تقریر کرنے کی بجائے ٹھہر ٹھہر کر املاء کے انداز میں طلباء کو مسائل لکھواتے جس دوران آپ ہر جملے کو کم از کم دو یا تین مرتبہ ضرور دہراتے مگر ان سب باتوں کے باوجود وقت میں اتنی برکت ہوتی کہ جامع ترمذی سالانہ امتحانات سے قبل ہی اطمینان و تسلی سے ختم ہو جاتی اور اس کے ساتھ ساتھ ہر طالب علم کے پاس آپ کی مکمل درسی تقریر بھی مستقبل کیلئے محفوظ ہو جاتی۔

آپ کی زندگی میں ہی آپ کے علمی تفوّق کا اقرار بڑے بڑے علماء کرتے تھے۔ امام کعبہ شیخ معظم محمد بن عبد اللہ السبیل مدّظلہ ایک مرتبہ علماء کرام کی مجلس میں فرمانے لگے۔

”میں اس وقت دنیا کے مرکز (مکہ مکرمہ) میں بیٹھا ہوں۔ دنیا بھر کے علماء میرے پاس تشریف لاتے ہیں مگر میں نے آج تک شیخ روحانی بازی جیسا محقق و مدقّق عالم نہیں دیکھا“۔

تصنیف و تالیف کیساتھ ساتھ وعظ و تبلیغ و ارشاد کے میدان میں بھی اللہ جلّ شانہ نے آپ سے بہت کام لیا۔ اس سلسلے میں آپ خود اپنی تصانیف میں لکھتے ہیں۔

”واللہ تعالی بفضلہ ومنّہ وفّقنی للعمل بجمیع أنواع الدعوۃ والإرشاد والحمد للہ والمنّۃ.

فقد أسلم بإرشادى وجهدى المسلسل فى ذلك أكثر من ألفى نفر من الكفار وبايعوا على يدى وآمنوا بأن الإسلام حق وشهدوا أنّ الله تعالى واحد لاشريك له ودخلوا فى دين الله فرادٰى وفوجًا.

حتى رأيت فى بعض الأحيان أسرة كافرة مشتملة على عشرة أشخاص فصاعدًا أسلموا وبايعوا للإسلام على يدى بإرشادى فى وقت واحد وساعة واحدة والحمد لله ثم الحمد لله.

وفى الحديث لأن يهدى الله بك رجلًا واحدًا خير لك مما تطلع عليه الشمس وتغرب.

خصوصًا أسلم بإرشادى وتبليغى نحو خمسين نفرًا من الفرقة الكافرة الملحدة القاديانية أصحاب المتنبى الكذاب الدجال مرزا غلام أحمد.

وأسلم غير واحد من الفرقة الكافرة طائفة الذكريين بإرشادى ونصحى وبما بذلت مجهودى و قاسيت المشقة الكبيرة فى الإرشاد والتبليغ.

والفرقة الذكرية فرقة فى بلادنا لا يؤمنون بكون القرآن كتاب الله تعالى ولا يحجّون إلى كعبة الله المباركة بل بنوا بيتًا فى ديار مكران من ديار باكستان يحجّون إليه ولهم عقائد زائغة.

وأمّا إرشادى المسلمين العُصاة التاركين لأداء الزكاة والصلوات والصوم وغيرها فله نتائج طيبة وأحسن. ولله الحمدُ والفضل ومنه التوفيق. فقد تاب آلاف من المجرمين المجاهرين

بالفسق من الرجال والنساء وأصبحوا من مقيمي الصلوات وتوجّهوا الى إداء الزكاة والصوم والأعمال الصالحة.

وتبدلت حياتهم وانقلبت أحوالهم. ولا أحصى عدد هٰؤلاء التائبين لكثرتهم".

دین اسلام کی سربلندی کیلئے آپ نے منکرین حدیث، اہل بدعت، روافض، قادیانیوں اور یہود ونصاریٰ سے کئی عظیم الشان مناظرے بھی کیے اور عالم اسلام کا سر فخر سے بلند کیا۔

ابتدائی حالات کا مشاہدہ کیجئے تو بظاہر اسباب کوئی شخص نہیں کہہ سکتا تھا کہ اس نونہال کا سایہ ایک عالم پر محیط ہوگا۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ مشیت الٰہی، حفظِ دین اور پاسبانیٔ ملت کا انتظام، ظاہری اسباب سے بالاتر کرتی ہے اور لطفِ الٰہی خود ایسے افراد کا انتخاب کرتا ہے جن سے دین حنیف کی خدمت کا کام لیا جائے۔

وفات

بروز سوموار ۲۷ جمادیٰ الثانیہ ۱۴۱۹ھ مطابق ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۸ء عصر کی جماعت میں حضرت محدثِ اعظم کو دِل کا شدید دورہ پڑا اور علم وعمل کے اس جبلِ عظیم کو اللہ تعالیٰ نے اس پُرفتن دنیا سے نجات دیتے ہوئے دارِ قرار کی طرف بلالیا اور اس دنیاوی آزمائش میں آپ کی کامیابی اور اپنی رضا کا اعلان آپ کی قبر سے پھوٹنے والی جنت کی خوشبو کے ذریعہ دنیا میں ہی کر دیا۔

تو خدا ہی کے ہوئے پھر تو چمن تیرا ہے
یہ چمن چیز ہے کیا سارا وطن تیرا ہے

حضرت شیخؒ نے تریسٹھ ۶۳ برس عمر پائی۔ آپ ایک عالم باعمل، عارف باللہ، باضمیر اور باکمال انسان تھے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ "مومن وہ ہے جس کو دیکھ کر خدا یاد آجائے"۔ آپ کی نگاہِ پُر تاثیر سے دلوں کی کائنات بدل جایا کرتی تھی، آپ کی صحبت میں چند لمحے گزارنے سے اسلام کے عہد زرّیں کے بزرگوں کی صحبتوں کا گمان ہوتا تھا۔ حضرت شیخؒ میں قرونِ اولیٰ والی سادگی تھی۔ ان کو دیکھ کر قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کی یاد تازہ ہو جاتی تھی۔ آنکھوں میں تدبر کی گہرائیاں، آواز میں سنجیدگی و متانت کا آہنگ، دری پر گاؤ تکیے کا سہارا لئے حضرت شیخؒ کو معتقدین کے سامنے میں نے اکثر قرآن و حدیث کے اسرار و رموز کھولتے دیکھا۔

یوں تو موت سنتِ بنی آدم ہے اور اس سے کسی کو مفر نہیں، یہاں جو بھی آیا جانے ہی کیلئے آیا۔ مگر کچھ شخصیات ایسی بھی ہوتی ہیں جن کی موت صرف فردِ واحد کی موت ہی نہیں بلکہ پوری ملت کی موت ہوتی ہے۔

"مَوْتُ الْعَالِمِ مَوْتُ الْعَالَمِ"

خصوصاً اگر رخصت ہونے والے کا وجود دنیا کیلئے باعثِ رحمت ہو، ان کی ذات سے عالم اسلام کی خدمات وابستہ ہوں تو ان کا صدمہ ایک عالَم کی بے بسی، بے کسی و محرومی اور یتیمی کا موجِب بن جاتا ہے۔

فروغِ شمع تو باقی رہے گا صبح محشر تک
مگر محفل تو پروانوں سے خالی ہوتی جاتی ہے

حضرت شیخؒ کی رحلت سے ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ محفل اجڑ گئی، ایک باب بند ہو گیا، ایک بزم ویران ہو گئی، ایک عہد ختم ہو گیا، ایک روایت نے دم توڑ دیا، زندگی کو حرکت و عمل دینے والا خود ہی اس دنیا میں جا بسا جہاں سے کوئی واپس نہیں آیا اور جو دار العمل نہیں دار الجزاء کی تمہید ہے۔

باغ باقی ہے باغباں نہ رہا　　اپنے پھولوں کا پاسباں نہ رہا
کارواں تو رواں رہے گا مگر　　ہائے وہ میرِ کارواں نہ رہا

ایسے وقت میں جبکہ اسلام ہر طرف سے طرح طرح کے فتنوں میں گھرا ہوا ہے اور ایسی حالت میں جبکہ اہل اسلام کو انکی رہبری کی مزید ضرورت تھی، وہ اپنے بے شمار چاہنے والوں کو روتا دھوتا چھوڑ کر اس ظالم دنیا سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے روٹھ گئے۔

داغِ فراقِ صحبت شب کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی تھی سو وہ بھی خموش ہے

سعید بن جبیر رحمہ اللہ تعالیٰ حجاج بن یوسف کے "دستِ جفا" سے شہید ہوئے تھے۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے "البدایہ والنہایہ" میں ان کے بارے میں حضرت میمون بن مہران رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول نقل کیا ہے۔

"سعید بن جبیر رحمہ اللہ تعالیٰ کا انتقال اس وقت ہوا جبکہ روئے زمین پر کوئی شخص ایسا نہیں تھا جو اُن کے علم کا محتاج نہ ہو"۔

نیز امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

”سعید بن جبیر رحمہ اللہ تعالیٰ اس وقت شہید ہوئے جبکہ روئے زمین کا کوئی شخص ایسا نہیں تھا جو اُن کے علم کا محتاج نہ ہو“۔

آج صدیوں بعد یہ فقرہ محدثِ اعظم شیخ المشائخ مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ پر حرف بحرف صادق آرہا ہے۔ وہ دنیا سے اس وقت رخصت ہوئے جب اہل اسلام ان کے علم وفقہ کے محتاج تھے، اہل دانش کو اُن کے فہم و تدبّر کی احتیاج تھی اور علماء ان کی قیادت وزعامت کے حاجتمند تھے۔ اُن کی تنہا ذات سے دین وخیر کے اتنے شعبے چل رہے تھے کہ ایک جماعت بھی اس خلا کو پُر کرنے سے قاصر رہے گی۔

آپ نے جس طور کُل عالم کی فضاؤں کو علمی وروحانی روشنی سے منور کیا اس کی بدولت اہل حق کے قافلے ہمیشہ منزلوں کا سراغ پاتے رہیں گے۔

زندگانی تھی تری مہتاب سے تابندہ تر
خوب تر تھا صبح کے تارے سے بھی تیرا سفر

عبدِ ضعیف محمد زہیر روحانی بازی عفا اللہ عنہ وعافاہ
ابن شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ
ربیع الاوّل ۱۴۲۰ھ مطابق جون ۱۹۹۹ء

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا

البركات المكية

في

الصلوات النبوية

للإمام المحدّثين نجم المفسّرين زبدة المحقّقين
العلّامة الشّيخ مولانا محمّد موسى الرّوحاني البازي
رحمه الله تعالى وطيّب آثاره

الله

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ ربّ العالمین والصّلاۃُ والسلامُ
حمد و ثنا اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو پالنے والا ہے سارے عالم کا۔ اور صلاۃ و سلام ہو

علیٰ رسولہٖ محمّدٍ و اٰلہٖ و اَصحابہٖ اجمعین۔
اس کے رسول محمد پر اور ان کے سب آل و اصحاب پر۔

امّا بعد۔ فھٰذہٖ رسالۃٌ مُبارکۃٌ عالیۃٌ و
امّا بعد ۔ یہ ایک رسالہ ہے مبارک و عالی مرتبہ

صَحیفۃٌ یتیمۃٌ سامیۃٌ فی الصّلواتِ و التسلیماتِ
اور صحیفہ ہے بے مثال . بلند شان والا نبی علیہ السلام کے

النبویّۃ الشریفۃ علیٰ حسب عَدَدِ الأسماءِ المحمدِیّۃ
شریف درود و سلام میں ، نبی علیہ السلام کے اسماء عالی شان کی تعداد

المنیفۃ سمّیتُھا " بالبَرکات المکیّۃ فی الصّلواتِ
کے مطابق۔ میں نے اس کا نام رکھا ہے " البرکات المکیّۃ فی الصّلواتِ

النبویّۃ۔ عَدَدَ الأسماءِ المحمّدیّۃ۔" و انّما سمّیتُھا
النبویّۃ عددَ الاسماءِ المحمدیّۃ " ۔ میں نے اس کا نام

بالبرکات المکیّة لکون المشیرِ بجمعها و تالیفها والآمرِ
مکّہ کی طرف منسوب کرکے برکاتِ مکیّہ اس لیے رکھا کہ اس کے جمع و تالیف کا مشورہ دینے

بترتیبها و تصنیفها أحدَ عُلماءِ مکّة المبارکة و
والے اور اس کی تصنیف کا حکم دینے والے مکہ مکرمہ کے علماء میں سے ایک عالم ہیں۔

هو العالمُ العظیمُ و الفاضلُ الفخیمُ الذی مَضَت حیاتُه
اس عالم کبیر و فاضل کی ساری زندگی گزری مسلمانوں اور

فی خدمة المسلمین لا سیّما خدمة اهل العلم و
بالخصوص اہل علم و صالحین کی خدمت

الصّالحین و عاشَ باذلًا مجهوده طوالَ الملوَین فی
کرنے ہیں۔ وہ عالم شب و روز کوشاں رہتے تھے

إکرام ضُیوف ربِّ الثقلَین القادِمین فی الحرمَین
اللہ تعالیٰ کے اُن مہمانوں کے اکرام و تعظیم میں جو حرمین شریفین میں

الشریفَین أعْنِی الشیخ الکریم مولانا محمد مَسعود
آتے ہیں یعنی شیخ کریم مولانا محمد مسعود

شمیمٌ مدیرَ المدرسة الصّولتیّة مرکزِ الفنون
شمیمؒ جوکہ مدیر و مہتمم ہیں مدرسہ صولتیّہ کے جو فنونِ اسلامیّہ

الاسلامیّة و دارِ العلوم و المعارِفِ الدینیّة فی
کا مرکز ہے اور معارفِ دینیّہ و علومِ دینیّہ کا مرجع ہے

مکّة المبارکة لکن قبل أن أُقدِّم الی حضرته
مکہ مکرمہ میں۔ لیکن (افسوس) قبل اس کے کہ میں ان کی

العَلیّةِ هٰذه الصحیفةَ المبارکةَ السنیّة انتقل
خدمتِ عالیہ میں یہ مبارک رسالہ پیش کرتا

الی جوار رحمة الله یوم الاحد السابع و العشرین من
مولانا شمیم وفات پا گئے بروز اتوار بتاریخ ستائیس ۲۷

شعبان سنة ١٤١٢ من الهجرة النبویّة الموافق لاوّل
شعبان سنہ ۱۴۱۲ھ مطابق یکم

مارس سنة ۱۹۹۲م جعل الله تعالیٰ قبرہ روضةً
مارچ سنہ ۱۹۹۲م - اللہ تعالیٰ ان کی قبر جنّت کا

من ریاض الجنّة انہ تعالیٰ ذُوالفضل و المغفرة و
باغیچہ بنادے اللہ جل جلالہ فضل و مغفرت و

المنّة - أسأل اللہ تعالیٰ اَن یجعل رسالتی ھٰذہ
احسان والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے سوال ہے کہ وہ میرے اِس رسالہ کو

مقبولةً متداوِلةً بین المسلمین ومکرّمةً حبیبةً
مقبول و مشہور کردے مسلمانوں میں اور اسے محبوب بنادے

الی المصلّین المتّقین و وَسِیلةً مُوصلةً الیٰ ذُروة
متّقین درود شریف پڑھنے والوں کے نزدیک۔ اور اللہ تعالیٰ بنادے اس رسالے کو بلند سعادتوں

السّعادات و ذریعةً مُبلّغة الی زیادة الدرجات
تک اور عالی شان درجات تک پہنچانے کا وسیلہ و ذریعہ۔

انہ تعالیٰ بالاجابة جدیرٌ وعلیٰ کلّ شیٔ قدیرٌ
اللہ تعالیٰ دعاء قبول کرنے والا ہے اور ہر شئے پر قادر ہے۔

أکتُب ھٰذِہ الکلمات ضَحوَةً یوم الثلاثاء و انا
میں یہ کلمات لکھ رہا ہوں دوپہر سے کچھ قبل بروز منگل - اِس وقت

مقیمٌ فی مکّة المکرّمة مجاوِرٌ لِلکعبة المعظّمة
میں مقیم ہوں مکہ مکرمہ میں اور مجاور ہوں کعبہ شریفہ کا۔

کأنّی جالسٌ فی ظِلّ بیت اللہ وظِلّ برکات المسجد
گویا کہ میں بیٹھا ہوں بیت اللہ اور مسجد حرام کی برکات کے سایہ

الحرام و تحت غَمامِ رحمة اللہ الکریم المنعام
میں اور اللہ تعالیٰ کریم اور بڑے انعام والے کی رحمت کے بادل کے نیچے

و ذٰلک فی یوم عید الفطر السعید سنة ١٤١٣ھ
بروز عید الفطر سنہ ۱۴۱۳ھ

۲۳ مارس سنة ۱۹۹۳م - أشکرُ اللہ تعالیٰ و
موافق ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۹۳ء - اللہ تعالیٰ کا شکر و

أَحمدهٗ علىٰ اَن شرَّفني مع بعض اهل بيتي باداء
حمد کرتا ہوں کہ اس نے مشرف فرمایا مجھے گھر کے بعض افراد سمیت ماہِ

العُمرة في شهر رمضان وبزيارة البيتِ العتيقِ
رمضان میں عمرہ ادا کرنے سے اور بیت اللہ شریف

العظيم الشان و اَسألُ الله عزَّ وجلَّ سؤالَ متضرّعٍ
کی زیارت سے۔ اور اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ سوال کرتا ہوں

معترفٍ بأنّه لاحولَ ولاقوّةَ اِلّا بالله اَن يَحفظَ
اور معترف ہوں کہ قوت کا سرچشمہ اللہ تعالیٰ ہے کہ حفاظت فرمائے

سُكّانَ كلِّ بيتٍ كانت فيه هٰذه الصَّحيفةُ
ہر اس گھر کے سُکّان کی جس میں یہ نیک صحیفہ

السعيدةُ و اَن يُجيرَهم مِن كلِّ قَلَقٍ و فَرَقٍ و
موجود ہو۔ اور یہ کہ بچائے انہیں ہر غم و خوف سے

من شرِّ ماخلقَ و مِن اَن يُّوهِلهم الأعداءُ و
اور مخلوق کے ہر شر سے۔ نیز بچائے انہیں اس سے کہ انہیں ڈرائیں دشمن

المفسِدون و الفَسَقُ و مِن اَن يُّبتَلوا باصابة شيءٍ
مفسدین و فُساق۔ اور اس سے کہ ان پر مصیبت آئے

من الحريق و الحَرَق و من اَن تنوبَهم محنةُ الغَضبِ
آگ جلنے اور آگ لگنے کی۔ اور اس سے کہ انہیں پہنچے آفت غصب

و السَّرَقِ و من اَن تعرُوهم نُكبةُ الصَّواعِقِ
اور چوری کی۔ اور اس سے کہ انہیں درپیش ہو جائے آسمانی بجلی اور پانی میں غرق

و الغَرَقِ۔ آمنين مُبتهِجين كأنّهم آلُوا الى حصنٍ
ہونے کی آفت۔ وہ ایسے امن و خوشی میں ہوں گویا کہ وہ ساکن ہیں مضبوط قلعہ

حَصِينٍ و رُكنٍ رصينٍ و قرارٍ مَكينٍ و حِرزٍ
میں۔ قوی رکن، محفوظ آرام گاہ، تسلّی بخش

مَتينٍ و مَقامٍ اَمينٍ۔ و أسألُه جلَّ جلالُه اَن
حفاظت اور مقامِ امن میں۔ اور سوال کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے کہ

يَجعل كلَّ منزلٍ كانَ فيه هذا الكتابُ المبارکُ
کر دے ہر اس گھر کو جس میں موجود ہو یہ مبارک کتاب

مَحفوفًا بالسّعادةِ و مکنُوفًا بالسیادة و ملفوفًا
سعادت میں گھرا ہوا، سیادت (سرداری) کے احاطہ میں اور اللہ تعالی کے

بحُسن الارادةِ و اَن یُنزل فیه السعادات الزاخرة
نیک ارادوں میں لپٹا ہوا۔ اور یہ سوال ہے کہ نازل کرے اس منزل میں سعادتیں، زیادہ،

العاطرة الکافیة و الخَیرات الهامرة الوافرة الوافیة و
معطّر، کافی۔ اور خیرات برسنے والی، کثیرہ، مکمّل۔ اور

البرکات الباهرة العامرة و العافیة و أسأل الله جلَّ
برکات ظاہر، آباد کرنے والی اور عافیت بھی۔ اور سوال کرتا ہوں اللہ تعالیٰ

مجدُہ اَن یُؤمِن بالسُّرور السلامة وبالعزّ و الفَخامة
سے یہ کہ امن عطا کرے خوشی، سلامتی، عزت، عظمت،

و بانکشاف ظِلام الظُّلم و انقشاع غَمامِ الغَمّ
ظلم کی تاریکی اور غم کے بادل ہٹنے کی صورت میں

مَن صاحَبَتہ هٰذہ الصحیفةُ فی الحَضر و السَّفر
ہر اس شخص کو جس کے پاس ہو یہ صحیفہ حضر و سفر میں

و مَواقع الاَهوال و الضَّرر مُطمئِنًا اطمینان مَن اٰوی
اور مَواقع خوف و ضرر میں۔ تا آنکہ وہ کامل طور پر مطمئن ہو جائے

اِلیٰ رُکنٍ شدیدٍ و عزٍّ جدیدٍ و ظِلٍّ مدیدٍ
اس شخص کی طرح جس نے پناہ لی ہو رکن قوی کی، نیز جدید عزت، گھنے اور طویل سائے

و معاذٍ وَکیدٍ و أن یَمنَح العافیةَ و الاستقامةَ
اور مستحکم پناہ گاہ کی۔ اور یہ سوال ہے کہ عطا کرے عافیت و استقامت،

و الطمانینةَ و الکرامةَ مَن رافقتہ هٰذہ
اطمینان و شرافت ہر اس مسلمان کو جس کے پاس ہو یہ

الرسالةُ فی اَمکِنةِ امتِداد الفِتَن و اشتِداد
رسالہ طویل فتنوں، شدید تکلیفوں کی

الْمِحَنِ وَ مَوَاطِنِ الْخَوْفِ وَ أَزَمَاتِ الزَّمَنِ حَتَّى يَسْكُنَ
جگھوں میں اور خوف و مصائب زمانہ کے مواقع ہیں۔ تا آنکہ اسے اس شخص

سُكُوْنًا وَ يَرْتَاحَ ارْتِيَاحَ مَنْ حَلَّ بِأَكْرَمِ الْمَرَاحِلِ وَ
کی مانند سکون و راحت حاصل ہو جائے جو نازل ہو مقاماتِ شرافت اور

آنَسِ الْمَنَازِلِ وَ تَمَسَّكَ بِأَوْثَقِ الْمَلَاجِئِ وَ أَوْفَقِ الْمَنَاجِئِ
منازلِ اُنس و محبت میں۔ اور معتمد ہو مضبوط پناہ گاہ اور موافق نجات گاہ پر۔

وَ أَسْأَلُهٗ تَعَالٰى وَ سُبْحَانَهٗ أَنْ يَعْصِمَ تَالِيَ هٰذِهِ الْأَسْمَاءِ
اور کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کہ بچائے اِن اَسماء مبارکہ کے

الْمُبَارَكَةِ مَعَ الصَّلَوَاتِ وَ التَّسْلِيْمَاتِ مِنْ كُلِّ هَمٍّ
پڑھنے والے کو درود و سلام سمیت ہر غم،

وَ بَلَاءٍ وَ نَصَبٍ وَ حُزْنٍ وَ آفَةٍ وَ تَعَبٍ وَ أَنْ يُجِيْبَ
بلاء، سختی، رنج، آفت و محنت سے۔ اور یہ سوال کہ قبول

اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ كُلَّ دُعَاءٍ مِنْ كِفَايَةِ الْمُهِمَّاتِ وَ
کرے اس کی ہر دعاء مثلاً ہر مشن کی تکمیل،

دَفْعِ الْبَلِيَّاتِ وَ قَضَاءِ الْحَاجَاتِ وَ رَفْعِ الدَّرَجَاتِ
دفعِ بلایا، حاجات کا پورا ہونا، درجات کا بلند ہونا،

وَ حَلِّ الْمُشْكِلَاتِ وَ كَشْفِ الْحُطْمَاتِ وَ سَتْرِ
حلِّ مشکلات، سختیوں کا ازالہ، عیوب کی

الْعَوْرَاتِ وَ تَأْمِيْنِ الرَّوْعَاتِ وَ التَّخَلُّصِ مِنَ
پردہ پوشی، خطروں کا ازالہ، آفات سے

الْآفَاتِ وَ النَّجَاةِ مِنَ الْحَوَادِثِ وَ الْمَصَائِبِ وَ
خلاصی، مصائب سے نجات، اور

النَّجَاحِ فِيْ تَرَقِّي الْمَقَامَاتِ وَ الْمَرَاتِبِ وَ أَنْ يَفْتَحَ لَهٗ
کامیاب ہونا منصب اور عہدہ کی ترقی پانے میں۔ اور سوال ہے اللہ تعالیٰ سے یہ

أَبْوَابَ الْفَلَاحِ وَ الْفَوْزِ بِالْحَظِّ الْأَكْمَلِ وَ النَّصِيْبِ
کہ کھول دے کامیابی کے دروازے بڑے حصے اور کامل نصیب کے حصول کے

الاجزلِ من العزِّ الواسعِ النِّطاقِ و الشرف المرتفعِ
سلسلے میں واسع عزّت سے ، بلند و بالا شرافت

الرِّواقِ والرَّأْيِ السَّديدِ والقبولِ الوطيد و العَيْشِ
سے ، صحیح رائے ، محکم قبولیت سے اور وسیع

الرَّغيدِ من الحلالِ العَتيدِ و اَدعُو اللهَ تعالیٰ أن
مقرّر حلال رزق سے ۔ اور میں اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگتا ہوں

یُنفِّس عن المواظِب علی قراءتها وتلاوتها كلَّ
کہ دُور کرے اس کتاب کے دائمی قاری سے دنیا

كُربةٍ من كُرَب الدنیا و العقبیٰ و یُبَلِّغه فی كل
و آخرت کی ہر سختی کو۔ اور یہ دعا کہ پہنچادے اُسے ہر

مارام الغايةَ العليا و الأمدَ الاقصیٰ و ان یبهِّجه
مقصود میں نہایت بلندی و منتہا تک ۔ اور یہ کہ خوش حال

بالبشریٰ فی الأولیٰ والأخریٰ ويهَب له يومَ الدِّين الفَلاحَ و
کر دے اسے بشارت سے دونوں جہانوں میں۔ اور عطا کرے اسے آخرت میں فلاح

الزيادةَ فی الحسنیٰ۔ ربَّنا! مِنّا الدُّعاءُ ورجَاءُ اِجابةِ
اور ہر حسنہ میں زیادتی۔ اے اللہ! ہمارے بس میں ہے دعا اور قبولیتِ دعا

الدَّعوات و منك القبولُ و اقالةُ العثرات و
کی امید ۔ اور آپ کے اختیار میں ہے قبولیّت اور غلطیاں معاف کرنا ۔

قد قلت۔ یا ربَّنا! انا عند ظَنِّ عبدِی بی
آپ نے فرمایا ہے اے اللہ! کہ میں بندے کے گمان کے پاس ہوں۔

فليظُنَّ بی ما شاء۔ فنحنُ یا ربَّنا! نظُنُّ بك
پس اسکی مرضی ہے جو گمان کرے میرے بارے میں۔ پس ہمارا اے اللہ! آپ کے بارے میں یہ ظن ہے

اَن تُجيبَ دعاءَنا و ترحمَنا بل نستيقِن انّك
کہ آپ دعا قبول کرتے ہیں اور ہم پر رحم فرماتے ہیں۔ بلکہ ہمیں یقین ہے

تقبَل الدُّعاءَ و تعفُو عنّا و تُعافينا متوكِّلين
قبولیتِ دعاء و عفو و معافات کا۔ آپ کے احسان و حلم پر

عَلٰى مَنِّكَ وَحِلْمِكَ وَمُعْتَمِدِيْنَ عَلٰى جُوْدِكَ وَكَرَمِكَ
توکل کرتے ہیں اور آپ کے جود و کرم پر اعتماد کرتے ہیں۔

وَكَيْفَ لَا نَسْتَيْقِنُ قَبُوْلَ الدُّعَاءِ وَفِى الْحَدِيْثِ
اور ہمیں کس طرح قبولیت دعاء کا یقین نہ ہو جب کہ حدیث شریف

الشَّرِيْفِ ۔ اُدْعُوا اللّٰهَ وَاَنْتُمْ مُسْتَيْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ ۔
میں ہے کہ تم اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے وقت قبولیت کا یقین رکھو۔

رَوَاهُ الْاِمَامُ التِّرْمِذِىُّ فِى الْجَامِعِ ذِى الْعَرْفِ الشَّذِىِّ
یہ حدیث امام ترمذیؒ نے اپنی کتاب جامع میں ذکر کی ہے۔

وَذٰلِكَ بِبَرَكَةِ مَا ذُكِرَتْ فِىْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ
ان برکات کا سبب یہ ہے کہ اس صحیفہ میں مذکور ہیں

مِنَ الصَّلَوَاتِ الْمُبَارَكَاتِ وَالتَّسْلِيْمَاتِ الطَّيِّبَاتِ
مبارک صلوات و تسلیمات طیبہ

وَالتَّبْرِيْكَاتِ الزَّاكِيَاتِ وَالثَّنَاءِ عَلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ
و تبریکات عالیہ اور نبی علیہ السلام کی ثنا و

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِكْرِ اَسْمَائِهِ الْفَاتِحَاتِ اِذْ لِلصَّلَاةِ
مدح اُن کے معظّم اسماء کے ذریعہ ۔ کیوں کہ آپ

وَالسَّلَامِ عَلٰى نَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ ۔ يَا رَبَّنَا !
کے نبی و حبیب علیہ السلام پر صلاۃ و سلام کے اے اللہ !

فَوَائِدُ مَرْوِيَّةٌ فِى الْاَحَادِيْثِ لَا تُحْصٰى وَعَوَائِدُ
فوائد مروی ہیں احادیث میں بے شمار اور برکات

مَنْقُوْلَةٌ فِى الْاَخْبَارِ الْمُصْطَفَوِيَّةِ لَا تَخْفٰى
منقول ہیں اخبار نبویہ میں جو کہ مخفی نہیں ہیں۔

رَبَّنَا ! اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ
اے اللہ! آپ ہی دعا قبول کرنے والے ہیں۔ نیز درجات بلند کرنے والے،

وَمُقِيْلُ الْعَثَرَاتِ وَكَافِى الْمُهِمَّاتِ وَقَاضِى الْحَاجَاتِ
لغزشیں معاف کرنے والے، ہر مُہمّ کی کفالت کرنے والے، حاجات پوری کرنے والے ،

وكاشفُ الآفات و دافعُ البَلِيّات و مُفرّجُ
آفات دور کرنے والے، مصائب دفع کرنے والے ، مشکلات و

المشکِلات و المُحطمات وقاشعُ حِجاب الظُّلُمات
شدائد کا ازالہ کرنے والے ، تاریکیوں کا پردہ ہٹانے والے۔

و فاتحُ اَبوابِ المعَارِفِ السَّرمَدِیّۃِ القُرانِیّۃِ
نیز کھولنے والے ہیں دروازے قرآن کے دائمی علوم کے،

و العوارِفِ الرُّوحانیّۃِ و النَّفحاتِ الایمانیّۃِ و
عطایا روحانیہ کے ، برکات ایمانیہ کے ،

الحِکَمِ البالغۃِ و النِّعَمِ السابِغۃِ۔ رَبَّنا! تقبّل منّا
اعلیٰ حکمتوں اور کامل نعمتوں کے۔ اے اللہ! ہماری دعا قبول فرما

ولا تُزِغ قلوبَنا بعدَ اِذ ھَدَیتَنا انّکَ سَمِیعُ الدُّعاءِ
اور ہمارے دلوں کو کج نہ فرما ہدایت حاصل ہونے کے بعد۔ آپ ہی دعا سننے والے

و سَرِیعُ الاجابۃِ للنِّداء۔ یاحلیمُ یا علیم یا علیُّ
اور جلدی سے قبول کرنے والے ہیں۔ اے حلیم ، علیم ، علی ،

یاعظیمُ ! انتَ المستعانُ ولا حولَ ولا قوّۃ
عظیم ! آپ ہی سے مدد مانگی جاتی ہے۔ عمل حسنات اور احتراز از گناہ کی قوت

اِلّا بك۔ یاحیُّ یاقیّومُ! نَستغیث برحمتك
آپ ہی دیتے ہیں۔ یاحی یا قیوم ! آپ کی رحمت کے ذریعہ مدد مانگتے ہیں۔

۔ یاربّنا۔ صَلِّ وسَلِّم علیٰ خَیرِخلقك محمّد و آلِہٖ
اے اللہ! مسلسل صلاۃ وسلام بھیجیے افضلِ خلق محمد پر اور ان کی آل

و اصحابِہٖ و مَن تَبِعھم باحسان۔ ما طَلَعَ شارِقٌ
واصحاب پر اور ان کے متبعین پر ، جب تک سورج طلوع کرے

ولَمَعَ بارِقٌ و ما ذکَرَك الذّاکِرُونَ وشَکَرَك
اور ستارے چمکیں اور جب تک آپ کا ذکر کریں ذاکرین اور شکر کریں

الشّاکِرُونَ
شاکرین۔

أما بعد حمده تعالى والصلاة والسلام على النبي
اللہ تعالیٰ کی حمد اور نبی علیہ السلام پر صلاۃ

صلى الله عليه وسلم فدونك قبل سرد الأسماء النبوية
و سلام کے بعد۔ لیجیے بیانِ اسماءِ نبویہ عالیہ سے

المنيفة مع الصلوات و التسليمات الشريفة عدة فوائد
قبل ساتھ صلوات و تسلیماتِ شریفہ کے یہ چند فوائد ہیں

مهمة نافعة متعلقة بالصلاة والتسليم على النبي صلى
اہم و نافع، متعلق درود شریف و تسلیمات

الله عليه وسلم أذكرها قبل الشروع في المقصود تكثيرًا لسواد
نبویہ۔ میں انہیں ذکر کرتا ہوں مقصود شروع کرنے سے قبل جماعتِ مصلّین

المصلين وترغيبًا للمشتاقين وترهيبًا للغافلين وإيقاظًا
کی تکثیر اور مشتاقین کی ترغیب کی خاطر۔ نیز غافلوں کو غفلت سے ڈرانے اور اعراض کرنے

للمعرضين وتحريضًا لطالبي الخير الجليل والأجر الجزيل
والوں کو بیدار کرنے کے لیے۔ نیز طالبین خیرِ عظیم و اجرِ کثیر

على العمل القليل والعناء الضئيل وتنويهًا بشأن هذه
بر عملِ قلیل و مشقّتِ حقیر کو رغبت دلانے کے طور پر۔ نیز اس صحیفۂ عالیہ و رسالۂ

الصحيفة العلية والرسالة البهية۔
فائقہ کی شانِ عالی کے اظہار کی خاطر۔

الفائدة الأولى الصلاة والتسليم على النبي صلى الله
پہلا فائدہ۔ نبی علیہ السلام پر صلاۃ و سلام پڑھنا بڑی

عليه وسلم منقبة شريفة ومرتبة ذات فضائل منيفة
فضیلت اور بلند مرتبہ ہے درود و سلام پڑھنے

للمصلي المسلم فطوبى ثم طوبى لمن أكثر من ذلك۔
والے کے لیے۔ پس مبارک ہے وہ شخص جو کثرت سے درود پڑھے۔

ويكفي لإثبات فضيلة الصلاة والسلام أن
صلاۃ و سلام کی فضیلت ثابت کرنے کے لیے کافی ہے

اللہ تعالیٰ یُصَلِّی وَیُسَلِّم عَلٰی نَبِیِّہٖ علیہ السلام وکذا
یہ بات کہ خود اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے فرشتے نبی علیہ السلام پر

ملائکتہ علیہم الصلاۃُ والسلامُ۔
صلاۃ و سلام بھیجتے رہتے ہیں۔

وَاَنَّ اللہَ عَزَّ وجلَّ قد اَمَرَ المؤمنین بذلك
اور یہ بات کہ اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کو قرآن مجید میں صلاۃ وسلام

فی القرآن المجید فقال یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ
پڑھنے کا امر فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے مؤمنو ! تم نبی علیہ السلام پر

وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔ والامرُ للوجوب و اَدنیٰ مُقتضی الامر
صلاۃ وسلام بھیجا کرو۔ امر وجوب یعنی فرضیت پر دال ہوتا ہے اور اس کا

کونُھا سُنّۃً او مَندُوبۃً۔
ادنیٰ تقاضا سُنّیت و استحباب ہے۔

الفائدۃ الثانیۃ قد اختلف العلماءُ فی حکم الصَّلاۃ
دوسرا فائدہ - علماء کرام کا اختلاف ہے نبی علیہ السلام پر

عَلَی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال بعضُھم انّھا فرضٌ
درود پڑھنے کے حکم میں۔ بعض علماء کے نزدیک یہ فی الجملہ

فی الجملۃ بغیر حصرٍ وقال بعضُھم فرضٌ علی الانسان
فرض ہے حصر و شمار کے بغیر۔ اور بعض کے نزدیک ہر مسلمان پر یہ فرض ہے

اَن یأتی بھا مرّۃً فی دَھرِہٖ مع القدرۃ علی ذلك۔
کہ وہ عُمر میں ایک مرتبہ نبی علیہ السلام پر درود بھیجے بشرطیکہ اسے قدرت ہو۔

قال ابنُ عبد البرّ تجبُ الصَّلاۃُ مرّۃً فی العمر فی
چنانچہ حافظ ابنِ عبد البرّ کا قول ہے کہ عمر میں ایک مرتبہ درود بھیجنا

صلاۃٍ او فی غیرِ صلاۃٍ وھی مثلُ کلمۃِ التوحید وھو
فرض ہے خواہ نماز کے اندر ہو یا نماز سے باہر۔ پس یہ مثل کلمۂ توحید ہے۔ یہی

مَحکیٌّ عن ابی حنیفۃ کما صَرّح بہٖ ابو بکر الرازیُّ۔
مذہب منقول ہے ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے حسبِ تصریح ابو بکر رازی رحمہ اللہ ۔

ونُقِل ایضًا عن مالکٍ والثوریِّ والاوزاعیِّ اعنی
اور یہی قول منقول ہے امام مالکؒ، سفیان ثوریؒ اور اوزاعیؒ سے یعنی

وجوبَہا فی العُمر مرّةً واحدةً لانّ الامرَ المطلق المذکور فی
عمر میں ایک مرتبہ درود بھیجنا واجب ہے۔ کیونکہ مذکورہ صدر آیت میں مذکور

الآیة المتقدّمة لا یقتضی تکرارًا و الماھیّۃُ تحصل
امر تکرار کا مقتضی نہیں ۔ اور نفس ماہیت ایک بار پڑھنے

بالصّلاة مرّةً وھو قولُ جُمھور الاُمّة ۔ کذا فی القول البدیع
سے حاصل ہوجاتی ہے اور یہی قول ہے جمہور امت کا۔ یہ تفصیل مذکور ہے سخاوی کے

للسخاویؒ۔
قول بدیع میں۔

وقال القرطبیؒ وابنُ عطیّةؒ اِنّ الصّلاة علی النبی
قرطبیؒ و ابنِ عطیہؒ کہتے ہیں کہ نبی علیہ السلام پر

صلّی اللہ علیہ وسلم فی کُلّ حالٍ واجبةٌ (ای ثابتةٌ و
درود بھیجنا ہر حالت میں شرعًا واجب ہے یعنی ثابت

لازمة) وجوبَ السُّنَنِ المؤکّدة التی لا یَسَع لاحدٍ
ہے مثلِ ثبوت ولزومِ سُنَنِ مؤکّدہ جن کے ترک کی شرعًا گنجائش نہیں ہے

ترکُھا ولا یَغفلھا اِلّا مَن لا خیرَ فیہ۔
اور ان کی ادائیگی سے وہی شخص غفلت کرتا ہے جو خیر سے خالی ہو۔

وقال الطحاوی وجماعةٌ من الحنفیّة و الشافعیّة
امام طحاویؒ اور حنفیہ و شافعیہ میں سے ایک جماعت

انّھا تجب کُلّما سَمِع ذکرَ النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلم
کی رائے میں درود شریف واجب ہے جب بھی نبی علیہ السلام کا ذکر

او ذَکَرہٗ بنفسہ۔
غیر سے سُنے یا خود ذکر کرے۔

وقال الطبریؒ انّھا من المستحبّات مطلقًا و
لیکن امام طبریؒ کہتے ہیں کہ درود شریف مطلقًا مستحب ہے۔

ادّعى الطبرى الاجماعَ على ذلك -

طبریؒ نے اس قول پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے -

وأيسر الأقوالِ وخيرُها القولُ الوسطُ وهو وجوبُها

اِن تمام اقوال میں آسان و بہتر متوسط قول ہے - وہ یہ کہ ہر

عند ذِكرِه صلى الله عليه وسلم فى مجلسٍ اوّلَ مرّةٍ وندبُها

مجلس میں پہلی مرتبہ نبی علیہ السلام کے ذکر کے وقت درود پڑھنا واجب ہے اور اس کے

لو تكرّر ذِكرُه صلى الله عليه وسلم فى ذلك المجلس كذا فى

بعد درود شریف مستحب ہے جب کہ نبی علیہ السلام کا ذکر اس مجلس میں مکرّر ہوجائے - شروحِ

بعض شُروح الهداية وقد صرّح العلّامة القاريؒ بذلك -

ھدایہ میں ایسا ہی درج ہے اور ملّا قاریؒ کی تصریح بھی ایسی ہے -

الفائدة الثالثة

الصّلاةُ على النبىّ صلى الله عليه

تیسرا فائدہ - نبی علیہ الصلاۃ والسلام پر درود شریف بھیجنا جامع ہے

وسلم تجمع البركاتِ الدنيويّةَ والأُخرويّةَ الظاهرةَ والباطنةَ

ہر قسم کی برکاتِ دنیوی و اُخروی ، ظاہری و باطنی

الماليّةَ والبدنيّةَ وقد وردت فيها احاديثُ كثيرةٌ و

مالی و بدنی کے لیے - درود شریف کی فضیلت میں بہت سی احادیثِ نبویہ منقول

دُونكَ عِدّةَ احاديث مباركةٍ فتفكّر فيها وتدبّر - تزدَدْ

ہیں - ان میں سے چند احادیثِ مبارکہ یہ ہیں - تم ان میں غور و فکر کرو ، ان سے

رغبةً فى الصّلواتِ والتّسليمات ومحبّةً لها -

دل میں درود و سلام کے شوق و محبت میں بہت اضافہ ہوگا -

(۱) عن ابى هريرةؓ قال قال رسول الله صلى الله عليه

ابو ھریرہؓ نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد روایت

وسلم مَن صلّى علىّ واحدةً صلّى الله عليه عشرًا - رواه

کرتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس شخص پر دس رحمتیں نازل فرماتے ہیں -

مسلم والترمذى -

(٢) عن عبد اللہ بن عمرؓو قال مَن صلّٰی علی النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلّم واحدۃً صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وملائکتہ بھا سبعین صلاۃً۔ رواہ احمد باسنادٍ حسنٍ وھو موقوفٌ وحکمہ الرّفع اذ لا مجالَ للاجتھاد فیہ۔

عبداللہ بن عمرؓو کا موقوف قول ہے کہ جو مسلمان نبی علیہ السلام پر ایک مرتبہ درود شریف بھیجے اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اور فرشتے اس شخص پر ستّر بار صلاۃ (رحمت و دعا) بھیجتے ہیں۔ امام احمدؒ نے بسند حسن اس کی روایت کی ہے۔ یہ حدیث موقوف ہے لیکن حدیثِ مرفوع کا حکم رکھتی ہے۔ کیونکہ اجتہاد کی اس میں گنجائش نہیں ہے۔

(٣) عن انسؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَن صلّٰی علیَّ واحدۃً صلّی اللہ علیہ عشرَ صلوٰاتٍ وحُطّت عنہ عشرُ سیّئاتٍ ورُفِعت لہ عشرُ درجاتٍ۔ رواہ النسائیُ وابنُ حبان فی صحیحہ۔

انسؓ نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد روایت کرتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتے ہیں۔ نیز اس کے دس گناہ معاف کیے جاتے ہیں اور دس درجات بلند کر دیے جاتے ہیں۔

(٤) عن انسؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَن صلّٰی علیَّ مائۃً کتبَ اللہ بین عینیہ براءۃً من النفاق وبراءۃً من النار واَسکنہ یوم القیامۃ مع الشھداء۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط۔

انسؓ نبی علیہ السلام کی یہ حدیث روایت کرتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان نفاق اور دوزخ سے براءت لکھ دیتے ہیں اور قیامت کے دن اسے شہداء کے ساتھ ٹھہرائیں گے۔

۵ عن علیؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علیؓ نبی علیہ السلام کا یہ قول روایت کرتے ہیں کہ

مَن صَلّٰی علیّ صلاۃً کَتَبَ اللہُ لہ قِیراطًا والقیراطُ مثلُ
جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ اس کے لیے ایک قیراط ثواب

اُحُد۔ رواہ عبد الرزاق فی مصنّفہ۔
لکھ دیتے ہیں۔ وہ قیراط وزن و حجم میں اُحد پہاڑ کے برابر ہے۔

٦ عن ابی بکر الصدّیقؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ
ابوبکر صدیقؓ نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد روایت

علیہ وسلم مَن صلّٰی علیَّ کنتُ لہ شفیعا یوم
کرتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجے میں اس کے لیے قیامت کے دن

القیامۃ۔ رواہ ابن شاھین۔
شفاعت کروں گا۔

٧ عن جابرؓ مرفوعًا مَن صَلّٰی علیَّ فی کلّ یومٍ
جابرؓ نبی علیہ السلام کی یہ حدیث نقل فرماتے ہیں کہ جو شخص مجھ پر

مائۃَ مرّۃٍ قضی اللہُ لہ مائۃَ حاجۃٍ سبعین منہا لاٰخرتہ
روزانہ سو مرتبہ درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجتیں پوری فرمادیتے ہیں۔ جن میں ستر

و الثلاثین منہا لدنیاہ۔ رواہ ابن مندہ۔ قال الحافظ ابو
حاجتیں آخرت سے متعلق ہوتی ہیں اور تیس حاجتیں دنیا سے وابستہ

موسی المدینی انہ حدیث غریب حسن۔
ہوتی ہیں۔

٨ عن ابن عباسؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ
ابن عباسؓ نبی علیہ السلام کی یہ حدیث بیان کرتے ہیں

وسلم مَن قال "جزی اللہُ عنّا محمدًا صلی اللہ علیہ و
کہ جو شخص یہ درود ایک بار پڑھے " جزی اللہ عنّا محمدًا بما ھو اھلہٗ"

سلّم بما ھو اَھلہ" اَتعَبَ سَبعِینَ ملکًا الفَ صباحٍ۔
اس نے ہزار دنوں تک ستر فرشتوں کو تھکا دیا ثواب

رواہ ابو نعیم وغیرہ - والضمیرُ فی اھلہ راجعُ الی اللہ تعالٰی
لکھنے کی وجہ سے - اس کی روایت ابو نعیم وغیرہ نے کی ہے - لفظ " اھلہ " میں ضمیر

او الی محمدٍ صلی اللہ علیہ وسلم کما قال المجدُ اللغوی -
غائب راجع ہے اللہ تعالٰی کی طرف یا نبی علیہ السلام کی طرف -

(٩) عن ابی ھریرۃؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ
ابو ھریرہؓ نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد روایت کرتے ہیں

وسلم من صلّی علیّ فی کتابٍ لم تزل الملائکۃُ
کہ جو شخص کسی کتاب میں درود لکھ دے فرشتے مسلسل اس کے

یستغفرون لہ مادام اسمی فی ذٰلک الکتابِ - رواہ
لیے اس وقت تک مغفرت مانگتے رہتے ہیں جب تک میرا نام

الطبرانی -
اس کتاب میں لکھا ہوا ہو -

(١٠) عن ابن عمرؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ و
ابنِ عمرؓ نبی علیہ السلام کا یہ قول ذکر کرتے

سلم زیّنوا مجالسکم بالصّلاۃ علیّ فانّ صلاتکم علیّ
ہیں کہ اپنی مجلسوں کو مزیّن کرو درود شریف سے کیونکہ مجھ پر درود بھیجنا

نورٌ لکم یوم القیامۃ - رواہ الدیلمی فی مسند الفردوس -
تمہارے لیے قیامت کے دن موجبِ نُور ہے -

(١١) عن عبد اللہ بن بُسرؓ قال قال رسولُ اللہ صلی
عبد اللہ بن بُسرؓ نبی علیہ السلام کی یہ حدیث

اللہ علیہ وسلم الدعاءُ کلّہ محجوبٌ حتّی یکون
روایت کرتے ہیں کہ ہر دعا قبولیّت سے محروم ہوتی ہے اِلّا یہ کہ اس کی

اوّلہ ثناءً علی اللہ عزّ وجلّ وصلاۃً علی النبیّ صلّی
ابتداء میں اللہ تعالٰی کی حمد اور نبی علیہ السلام پر درود

اللہ علیہ وسلم ثم یدعو فیُستجاب لدعائہ - رواہ النسائی -
شریف ہو پھر دعا مانگی جائے تو وہ دعا قبول ہوگی -

(۱۲) عن جابرؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ
جابرؓ نبی علیہ السلام کی یہ حدیث روایت کرتے

وسلّم حَسْبُ العَبدِ مِن البُخل اِذا ذُکِرتُ عندہ
ہیں کہ کسی مسلمان کے لیے یہ بخل کافی ہے کہ اس کے پاس میرا ذکر ہو جائے

اَن لا یُصلِّیَ عَلَیَّ ۔ رواہ الدیلمی ۔
اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔

(۱۳) عن عبد اللہ بن جرادؓ قال قال رسول اللہ صلی
ابنِ جرادؓ نبی کریم علیہ السلام کا یہ ارشاد بیان

اللہ علیہ وسلّم حُجُّوا الفرائضَ فانّہا اَعظمُ اَجرًا مِن
کرتے ہیں کہ فرائض (فرض احکام) ادا کیا کرو۔ کیوں کہ ان کا

عشرین غزوۃً فی سبیل اللہ و انّ الصلاۃَ علیّ تعدِل
اجر خدا کی راہ میں بیس غزوات سے بھی زیادہ ہے۔ اور درود شریف کا

ذا کلّہ ۔ رواہ الدیلمی فی مسند الفردوس ۔
ثواب ان سب کے برابر ہے۔

(۱۴) وعن ابی اُمامۃؓ قال قال رسول اللہ صلّی
ابو امامہؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد

اللہ علیہ وسلم اَکثِروا من الصّلاۃ علیّ فی کلّ یوم
روایت کرتے ہیں کہ مجھ پر کثرت سے درود شریف بھیجا کرو ہر

جُمعۃٍ فانّ صلاۃَ اُمّتی تُعرَض علیَّ فی کلّ یوم
جمعہ کے دن۔ کیونکہ اپنی امت کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے ہر

جمعۃٍ فمن کان اکثرَھم علیَّ صلاۃً کانَ
جمعہ کے دن۔ پس مجھ پر زیادہ درود بھیجنے والا مسلمان (بروز قیامت)

اَقربَھم مِنّی منزلۃً ۔ رواہ البیہقی بسندٍ حسنٍ ۔
سب سے زیادہ میرے قریب ہوگا۔

(۱۵) وعن انسؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ
حضرت انسؓ نبی علیہ السلام کی یہ حدیث روایت

وسلم صلّوا علیَّ فانّ الصّلاۃَ علیَّ کفّارۃٌ لکمو
کرتے ہیں کہ مجھ پر درود شریف بھیجا کرو۔ کیوں کہ درود تمہارے

زکاۃٌ فمَن صلّیٰ علیَّ صلاۃً صلّی اللہ علیہ عشرًا۔
گناہوں کا کفّارہ اور زیادتِ مال و پاکیزگی کا ذریعہ ہے۔ پس جو شخص

کذا فی القول البدیع۔
مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ تعالیٰ اُس پر دس مرتبہ درود بھیجتے ہیں۔

(۱۶) وعن ابی ھریرۃؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
ابوھریرہؓ نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد روایت کرتے

علیہ وسلّم صلّوا علیَّ فانّ الصّلاۃَ علیَّ
ہیں کہ مجھ پر درود بھیجا کرو۔ کیوں کہ درود شریف تمہارے

زکاۃٌ لکم۔ رواہ ابنُ ابی شیبۃ۔
لیے ہر شئے میں برکت و طہارت و نموّ کا سبب ہے۔

قد عُلِم مِن ھٰذَین الحدیثَین انّ الصّلاۃَ
ان دو حدیثوں (۱۵ ، ۱۶) سے معلوم ہوا کہ درود شریف

کفّارۃٌ للذنوب و زکاۃٌ للمصلّی و برکۃٌ لہ وطہارۃٌ
گناہوں کا کفّارہ ہے اور درود بھیجنے والے کے لیے ترقی، برکت

لہ مِن الرذائل۔
اور ہر قسم کے رذائل سے پاک ہونے کا وسیلہ ہے۔

(۱۷) وعن انسؓ قال قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ
انسؓ نبی علیہ الصلاۃ والسلام کا یہ ارشاد روایت

وسلّم اِذا نَسِیتُم شَیئًا فصلّوا علیَّ تذکّروہ
کرتے ہیں کہ جب تم کوئی چیز بھول جاؤ تو مجھ پر درود بھیجو۔ درود شریف

اِن شاء اللہ تعالیٰ۔ اخرجہ ابوموسیٰ المدنی بسندٍ
پڑھنے سے وہ چیز یاد آجائے گی ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ضعیفٍ۔ کذا فی القول البدیع۔

(١٨) وعن ابی ھریرۃؓ قال مَن خَاف علیٰ نفسِہ
ابوھریرہؓ فرماتے ہیں کہ جس شخص کو نسیان کا خطرہ ہو

النِّسیانَ فلیُکثِرِ الصَّلاۃَ علیٰ النبیِّ صلّی اللہ
(نسیان میں مبتلا ہو) تو وہ شخص (بطورِ علاجِ نسیان) کثرت سے درود

علیہ وسلّم ۔ اخرجہ ابن بشکوال بِسنَدٍ منقطع ۔ ذکرہ
شریف پڑھا کرے۔

العلامۃ السخاویؒ۔

قد ظھَرَ مِن ھٰذَین الاثرَین اَنَّ الصَّلاۃَ علی
مذکورہ صدر دو حدیثوں (۱۷ اور ۱۸) سے واضح ہوا کہ درود

النَّبیِّ علیہ الصلاۃُ والتسلیمُ تُزِیلُ النِّسیانَ و
شریف نسیان کو دور کرتا ہے اور قوتِ حافظہ بڑھاتا

تَزِید فی القُوّۃِ الحافظۃ وھٰذہ مَنفعۃٌ کبیرۃٌ و
ہے۔ یہ درود شریف کا بڑا نفع ہے۔ کیونکہ

لایخفیٰ علیٰ ذوی الألباب انّ النسیان ممّا یُبتلیٰ
دانشوروں پر یہ بات مخفی نہیں کہ نسیان میں بہت

بہ کثیرٌ من النّاس ویحتاجُون الی دفعہ وإزالتِہ
سے لوگ مبتلا ہوتے ہیں اور وہ محتاج ہوتے ہیں ازالۂ نسیان کے

لاسیّما العلماء وطلبۃ العلم الذین یشتغلون
خصوصًا اہلِ علم و طلبۂ علم جو مشغول رہتے ہیں

بِحفظِ العُلوم والفُنون ویبذلون الجھدَ فی العمل
حفظِ علوم و فنون میں اور کوشاں ہوتے ہیں ایسے عمل و علاج میں

بما یزید فی الذاکرۃِ والحافظۃِ فمَن أراد علاجَ
جو زیادہ اور تیز کرے ان کی قوتِ حافظہ کو۔ لہٰذا جو شخص نسیان کا

النسیانِ فعلیہ بکثرۃِ الصّلاۃ والتسلیم علی
علاج کرنا چاہے تو اس پر لازم ہے کہ کثرت سے درود و سلام بھیجے

النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلّم۔
نبی علیہ الصلاۃ والسلام پر۔

الفائدۃُ الرابعۃ
چوتھا فائدہ۔

اختلف العلماءُ فی اَنّ صلاتنا
علماء کا اس بات میں اختلاف ہے کہ ہمارے

ھل تنفع النبیَّ صلّی اللہ علیہ وسلم اَمْ لا قال
درود شریف سے نبی علیہ السلام کو نفع پہنچتا ہے یا نہیں۔

ابن حجرؒ فی الدُّرّ المنضود قال جمعٌ فائدتُھا للمصلّی
ابنِ حجرؒ علماء کی ایک جماعت کا یہ فتویٰ نقل کرتے ہیں کتاب درِ منضود میں

فقط لدلالتھا علی نُصوح العقیدۃِ وخُلوص النیّۃ
کہ صلاۃ کا فائدہ صرف مصلّی کو ہوتا ہے۔ کیونکہ درود شریف دلالت کرتا ہے

و اظہار المحبّۃ آھ۔
پڑھنے والے کے پاک عقیدے، خلوصِ نیّت اور اظہارِ محبّت پر۔

وقال بعضُ العلماءِ لا بُعد ولا استحالۃ فی
لیکن بہت سے علماء کا قول ہے کہ اس بات میں کوئی بُعد نہیں کہ درود

حصول نوعٍ من الفائدۃ لہ صلّی اللہ علیہ وسلم
شریف سے نبی علیہ السلام کو بھی کسی خاص نوع کا فائدہ

مِن صلاۃ المصلّی اذ فی الصّلاۃِ طلبُ زیادۃِ الدّرجات
حاصل ہوتا ہو۔ کیوں کہ درود شریف میں نبی علیہ السلام

لہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ولا غایۃ لفضل اللہ و
کے لیے بلندیٔ درجات کی دعا ہے اور اللہ کے فضل و انعام کی

اِنعامِہ وھو صلی اللہ علیہ وسلّم لا یزال دائمً
کوئی نہایت نہیں۔ اور نبی علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے مدارجِ قُرب

الترقّی فی حضرات القُرب ومعارج الفضل فلا بِدْعَ
و فضل میں ہر لحہ ترقی کرتے رہتے ہیں۔ پس کوئی تعجب نہیں

اَن یحصل لہ بِصلاۃ اُمّتِہ زیاداتٌ فی ذٰلک۔
اس بات میں کہ امّت کے درود سے نبی علیہ السلام کو مزید ترقی حاصل ہو جائے۔

وفی المواھب اللدنیۃ قال الشافعیؒ ما مِن عَملٍ
کتاب مواہب میں امام شافعی رحمہ اللہ کا یہ قول درج ہے کہ امت کے

یَعملہ احدٌ من اُمّۃِ النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم اِلّا
ہر کارِ خیر میں نبی علیہ السلام اصل و

وَالنبیّ اَصْلٌ فیہ فجمیعُ حسناتِ المؤمنین فی
مأخذ ہیں ۔ پس مؤمنین کی تمام نیکیاں نبی

صحائف نبیّنا صلی اللہ علیہ وسلم زیادۃٌ علی مالہٗ
علیہ السلام کے نامۂ اعمال میں ان کے اپنے ذاتی اجر پر زیادات

مِن الاَجر۔ انتہیٰ ۔
و اضافہ ہیں ۔

الفائدۃُ الخامسۃُ
پانچواں فائدہ

اعلم انّ ذکرَ التسلیم بعد
یاد رکھیے کہ درود شریف کے

الصّلاۃ علی النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم و اِن
وقت صلاۃ کے بعد سلام کا ذکر اگرچہ لازم نہیں ہے

کان غیرَ لازمٍ عند جمہور العلماء کما صرّح بذلک
جمہور علماء کے نزدیک جیسا کہ شیخ الاسلام

شیخُ الاسلام ابن تیمیّۃ رحمہ اللہ لکنّ ترکہٗ سُوءُ
ابنِ تیمیہؒ نے اس کی تصریح کی ہے ۔ لیکن ترکِ سلام

ادبٍ وحِرمان عن البرکۃ العظیمۃ والاَجر الجزیل ۔
بے ادبی ہے اور محرومی ہے برکتِ کبیرہ و ثوابِ عظیم سے ۔

کما حکی الحافظ السخاویؒ فی القول البدیع عن
چنانچہ حافظ سخاویؒ کتاب قول بدیع میں یہ

ابی سلیمان محمد بن الحسین الحرّانیؒ قال رأیتُ النبیَّ
حکایت کرتے ہیں ابو سلیمان محمد بن حسین سے ۔(ابوسلیمان کہتے ہیں) کہ

صلی اللہ علیہ وسلم فی المنام فقال لی یا ابا سلیمان
میں نے نبی علیہ السلام کی زیارت کی خواب میں ۔ تو فرمایا اے ابوسلیمان !

إذا ذكرتني في الحديث فصلّيتَ عليّ ألّا تقول
جب تم حدیث میں میرے ذکر کے وقت مجھ پر درود بھیجتے ہو تو "وسلّم"

"وسلّم" وهي أربعةُ أحرُفٍ بكل حرفٍ عشرُ
کیوں نہیں کہتے۔ یہ چار حرف ہیں۔ ہر حرف کے بدلے دس حسنات کا

حسناتٍ تترك أربعين حسنةً۔
ثواب ملتا ہے۔ اس طرح تم چالیس حسنات ترک کرتے ہو۔

الفائدة السّادسةُ

يَنبغي لكلّ كاتبٍ أن
چھٹا فائدہ - ہر کاتب کے لیے مناسب و

يَكتُب الصّلاةَ والتسليمَ على النبيّ صلى الله
بہتر ہے کہ نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے نام کے ساتھ صلاۃ و

عليه وسلم كلّما كتَبه ولا يقتصر بالصّلاةِ
سلام بھی ضرور لکھے اور صرف زبان سے پڑھنے پر

عليه بلسانِه فانّ له بذلك أعظمَ الثّوابِ و
اکتفاء نہ کرے۔ کیونکہ صلاۃ و سلام کی کتابت سے اُسے

أدومه۔
بڑا اجر و دائمی ثواب ملتا ہے۔

فعَن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال قال
ابو ھریرہ رض نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد

رسولُ الله صلى الله عليه وسلّم مَن صلّى عليّ
روایت کرتے ہیں کہ جو شخص کسی کتاب میں

في كتابٍ لم تزَل الملائكةُ يستغفرون له مادام
(میرے نام کے ساتھ) صلاۃ و سلام لکھ دے تو فرشتے اس کے لیے اس

اسمي في ذلك الكتاب۔ رواه الطبراني في الاوسط
وقت تک استغفار کرتے رہتے ہیں جب تک اس کتاب میں میرا نام موجود ہو۔

والخطيبُ في شرف أصحابِ الحديث وقد تقدّم ذكره۔
خطیب نے کتابِ شرف اصحاب الحدیث میں اس کا ذکر کیا ہے۔ اس کا بیان گزر گیا ہے۔

وفی روایۃٍ اُخریٰ لھذا الحدیث مَن کتَب فی کتابہٖ
ایک اور ارشاد ہے نبی علیہ السلام کا کہ جو شخص کتاب میں یہ لکھ دے

"صلّی اللہ علیہ وسلّم" لم تزل الملائکۃُ تستغفِر
"صلی اللہ علیہ وسلم" فرشتے اس کے لیے اس وقت تک مغفرت

لہ مادام فی کتابہ ۔ قول بدیع ۔
کی دعا کرتے رہتے ہیں جب تک یہ الفاظ کتاب میں موجود ہوں ۔

الفائدۃُ السّابعۃُ قد اتّفق العُلماءُ علی جواز
ساتواں فائدہ ۔ علماء کبار کا اتفاق ہے اس بات پر کہ

اِطلاق لفظ "السّیّد" عَلیٰ نبیّنا علیہ السلام وعلیٰ
لفظ "سیّد" کا اطلاق نبی علیہ السلام پر اور کسی قوم کے شریف

کلِّ شریفٍ کبیرِ قومٍ فقد صَحَّ قولہ صلی اللہ
اور سردار پر شرعًا جائز ہے ۔ نبی علیہ السلام کا

علیہ وسلّم "انا سیّدُ وُلدِ آدم" وقولہٗ علیہ السلامُ
ارشاد ہے "انا سیّد ولدِ آدم" میں کُل اولادِ آدم کا سردار ہوں ۔

للحسنؓ انّ ابنی ھذا سیّدٌ ۔ وقولہ علیہ السلام
نیز حسنؓ کے بارے میں آپؐ کا ارشاد ہے کہ میرا یہ بیٹا سید (سردار) ہے ۔ نیز سعدؓ بن معاذ

لِقَومِہٖ...... سَعدًا : قُومُوا الی سیّدکم ۔ وورد
کے بارے میں انصار کو یہ حکم دیا کہ اٹھو اپنے سیّد (سردار) کے لیے ۔ نیز

قولُ سہل بن حنیفؓ للنبیّ صلی اللہ علیہ وسلم
سہل بن حنیفؓ نے ایک بار نبی علیہ السلام سے کہا

یا سَیّدِی ۔ فی حدیثٍ عند النسائی فی عمل الیوم
۔ یا سیّدی ۔ یہ روایت امام نسائی نے ذکر کی

و اللیلۃ وقول ابن مسعودؓ اللّٰھم صَلِّ علی سیّد
ہے ۔ نیز ابن مسعودؓ کا ہے یوں درود شریف پڑھتے تھے ۔ اے اللہ

المرسلین ۔ کذا فی القول البدیع ۔
درود شریف بھیجے سید المرسلین پر ۔

واختلفوا فی زیادۃ قول المصلّی "سیّدنا" قال المجدُ
باقی علماء کا درود شریف میں لفظِ "سیّدنا" کے بڑھانے میں

اللغویُّ الظاہرُ انّہ لایقال فی الصّلاۃ اتّباعًا للفظ المأثور
اختلاف ہے۔ صاحبِ قاموس کہتے ہیں کہ نماز کے اندر درود شریف میں

انتھٰی۔
منقول الفاظ کا اتّباع کرتے ہوئے سیّدنا کا اضافہ نہیں کرنا چاہیے۔

وقال البعضُ زیادتُہ ادبٌ وتوقیرٌ مطلوبٌ شرعًا و
بعض علماء کہتے ہیں کہ اس کا اضافہ کرنا چاہیے۔ یہ شرعًا ادب اور مطلوب

قال البعضُ انّ الاتیان بسیّدنا سلوكُ الادب وتركُ
تعظیم ہے۔ دیگر بعض علماء نے یہ بہترین فیصلہ کیا ہے کہ "سیّدنا" کا ذکر درود میں

الاتیان بہ امتثالُ الامر فعلی الاوّل مستحبٌّ دون
ادب کا تقاضا ہے اور اس کا ترک حکمِ نبوی کی تعمیل ہے۔ کیونکہ منقول درود شریف میں اس کا ذکر

الثانی کذا حُکی عن الشیخ عِزّ الدّین بن عبد السلامؒ۔
نہیں ہے پس اس لفظ کا ذکر مستحب ہے باعتبارِ اوّل نہ کہ باعتبارِ ثانی۔ یہی فیصلہ منقول ہو شیخ عزّ الدینؒ سے۔

قال الحافظ السخاویُّ فی القول البدیع و قول
حافظ سخاویؒ قولِ بدیع میں لکھتے ہیں کہ مُصلّی کے "صَلِّ

المصلّین" اللّٰھم صَلِّ علٰی سَیّدِنا محمدٍ" فیہ الاتیانُ
علٰی سیّدنا" کہنے میں دو فائدے ہیں۔ اوّل تعمیلِ

بما اُمِرنا بہ وزیادۃُ الاخبار بالواقع الذی ھو اَدبٌ فھو
امر۔ دوم مطابقِ واقع طریقۂ ادب کا اظہار۔ لہذا

افضلُ من ترکہ۔ آھ۔ واَثبتَ ابنُ حجرٍؒ فی الدُّرّ المنضود
"سیّدنا" کا ذکر افضل ہے ترکِ ذکر سے۔ ابنِ حجرؒ نے بھی درِ منضود میں

انّ الافضل زیادۃ لفظ "سیّدنا" وافتٰی شیخُ الاسلام
افضل قرار دیا ہے "سیّدنا" کے ذکر کو۔ ابن تیمیہؒ کا فتویٰ یہ ہے کہ اس کا

ابن تیمیّۃؒ بترکھا لعدم ذکرہ فی الصلوات المأثورۃ واطال فیہ۔
ترک افضل ہے کیوں کہ منقول صلوات میں اس لفظ کا ذکر نہیں ہے۔

حاصلُ ھٰذہٖ العبارات المتعارضۃ انّ امرَ ھٰذا اللفظ
ان عباراتِ متعارضہ کا حاصل یہ ہے کہ لفظ ”سیّدنا“ کا معاملہ

سَھلٌ و فی حکمہ الشرعی سعۃٌ و انّہ لاحرجَ شرعًا
آسان ہے اور اس کے حکمِ شرعی میں وُسعت ہے۔لھذا شرعًا کوئی حرج نہیں

فی زیادۃ ھذا اللفظ مع اسم النبیّ علیہ السلام ولا فی
نہ اس لفظ کے ذکر میں نبی علیہ السلام کے نام کے ساتھ اور نہ اس کے

ترکِہ۔ اِذکلٌّ واحدٍ من الطریقَین قد ذَھَبَ الیہ
ترک میں۔کیونکہ ھر ایک طریقہ کی طرف ذہاب کیا ہے

جمعٌ من عُلماءِ الحقّ۔ فالتَّشدِیدُ فی ذکر ھٰذا
علماء کی ایک جماعت نے۔ پس تشدُّد کرنا اس لفظ کے

اللفظ او فی ترکِہ و انکارُ احدِ الفریقَین علی الفریق
ذکر میں یا ترک میں اور ایک فریق کا دوسرے فریق پر شدید انکار

الاٰخر ممّا لاینبغی۔
کرنا غیرمناسب ہے۔

الفائدۃ الثامنۃ اختَلفَ العلماءُ فی اَنّ الصلاۃَ
آٹھواں فائدہ۔ درود شریف کے بارے میں

علی النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلّم ھل ھی مقبولۃٌ
علماء کرام کا یہ اختلاف ہے کہ کیا وہ بہرحال مقبول

لامحالۃ اَو ھی منقسمۃٌ الی المقبولۃ و المردودۃ مثل
ہوتا ہے یا وہ دیگر حسنات (نیک کام) کی طرح مقبول

سائر الحسنات المنقسمۃ الی المقبولۃ و المردودۃ۔
و غیر مقبول کی طرف منقسم ہوتا ہے۔

ذَھَبَ بعضُھم الی القول الثانی و آخرون الی القول
بعض علماء نے قول دوم کی طرف اور بعض نے قول اوّل کی طرف ذہاب

الاوّل۔قال بعضُ العلماء اِنّ الصّلاۃَ علی النبیِّ صلّی اللہ
کیا ہے۔ قول اوّل والے علماء کہتے ہیں کہ درود شریف ہر مسلمان کا

علیہ وسلم مقبول لہٗ قطعًا من کُلِّ اَحدٍ سواءٌ کان
دائمًا مقبول ہی ہوتا ہے خواہ وہ مخلِص و حاضر القلب

حاضرَ القلب او غافلًا۔ وذلك لحدیثین ذکرھما بعض
ہو یا غافل ہو۔ ان کا یہ قول مبنی ہے دو حدیثوں پر جو

العلماء۔
بعض علماء نے ذکر کی ہیں۔

الاوّلُ قولُہ علیہ الصّلاۃ والسلام عُرِضَت علیّ
حدیثِ اوّل یہ کہ نبی علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ مجھ پر امّت کے

اَعمالُ اُمّتیِ فوجدتُّ منھا المقبولَ والمردودَ اِلّا
نیک اعمال پیش کیے گئے، اُن میں کچھ اَعمال مقبول تھے اور کچھ مردود، سوائے

الصّلاۃَ علَیّ۔
درود کے کہ وہ مقبول ہی ہوتا ہے۔

والثانی قولُہ علیہ السلام کلُّ الاَعمالِ فیھا
حدیثِ دوم یہ کہ نبی علیہ السلام کا ایک اور ارشاد ہے کہ سب طاعات میں

المقبولُ والمردودُ اِلّا الصلاۃ علَیّ فانھا مقبولۃٌ غیرُ
بعض مقبول ہوتی ہیں اور بعض مردود، سوائے درود شریف کے کہ وہ مقبول

مردودۃٍ۔
ہی ہوتا ہے۔

واجاب الفرقۃُ الأخرٰی انّ الحدیث الاوّل
قولِ ثانی والے علماء ان احادیث کا یہ جواب دیتے ہیں کہ پہلی حدیث محدّثین

مردودٌ غیر مقبول اذ لاسندلہ۔ قال الحافظ السیوطیؒ
کے نزدیک مقبول نہیں ہے۔ کیوں کہ وہ بے سند ہے۔ حافظ سیوطی

فی الدرر المنتثرۃ فی الاحادیث المشتھرۃ ھٰذا الحدیث
رحمہ اللہ کتاب درر منتثرہ میں لکھتے ہیں کہ مجھے اس

لم اقِف لہ علٰی سندٍ۔ واَمّا الحدیثُ الثانی فقال
حدیث کی کوئی سند نہیں ملی۔ باقی حدیث ثانی کے بارے میں

ابن حجرؒ انہ ضعیفٌ۔ کذا فی تمییز الطیب من الخبیث۔
ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ نہایت ضعیف ہے۔

الفائدۃُ التّاسعۃُ لِلصّلاۃِ علی النبیِّ صلّی
نواں فائدہ ۔ نبی علیہ الصلاۃ و السلام پر درود

اللّٰہ علیہ وسلّم فوائدُ کثیرۃٌ و ثمراتٌ عالیۃٌ لا تُعدُّ
شریف بھیجنے کے بہت فوائد اور بے شمار بلند

ولا تُحصٰی نَذکُرمنہا ہٰھنا فوائدَ متعدِّدۃً ترغیبًا
ثمرات ہیں۔ یہاں ہم ذکر کر رہے ہیں ان میں سے صرف چند فوائد

للناظرین و تبشیرًا للمصلّین۔
ناظرین کی ترغیب اور درود پڑھنے والوں کی بشارت کے طور پر۔

الاُولٰی ۔ انہا امتثالُ امرِ اللّٰہ تعالیٰ حیث اَمرَنا فی
فائدہ ① درود بھیجنے سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔ کیوں کہ

القرآن الشریف اَن نُصلّی ونُسلّم علی النبیّ صلّی
اللہ تعالیٰ نے ہمیں قرآن شریف میں نبی علیہ السلام پر درود

اللّٰہ علیہ وسلّم۔
و سلام بھیجنے کا امر فرمایا ہے۔

الثانیۃُ ۔ مُوافقۃُ اللّٰہِ عزّ وجلّ و مُوافقۃُ
فائدہ ② اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی موافقت کی سعادت

ملائکتِہٖ فی الصّلاۃِ علی النبیِّ صلّی اللّٰہ علیہ
حاصل ہوتی ہے نبی علیہ السلام پر درود شریف

وسلّم لانّ اللّٰہ تعالیٰ قال فی کتابہٖ انّہٗ یُصلّی علی
بھیجنے سے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے کہ وہ بھی اور فرشتے

النبیّ ویُسلّم علیہ وکذا ملائکتہٗ۔
بھی نبی پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔

الثالثۃُ ۔ فوزُ المصلّی مرّۃً فیما سوی الحرم المکی و
فائدہ ③ ایک بار درود شریف پڑھنے والا مسجدِ حرام

المسجدِ النبویّ بعشرِ صلوات من اللہ تعالیٰ و
و مسجدِ نبوی کے سوا کسی مقام میں اللہ تعالیٰ کی دس رحمتیں حاصل کرتا ہے

فی مسجد النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلم بخمسین
اور مسجدِ نبوی میں درود شریف پڑھنے والا پچاس

الف صلاۃٍ وفی الحرم المکّی بمائۃِ الف صلاۃ
ہزار رحمتیں اور حرمِ مکہ مکرمہ میں ایک لاکھ رحمتیں

ربّانیّۃ۔
حاصل کرتا ہے۔

الرابعۃُ۔ انّ اللہ تعالیٰ یَرفع لہ عشرَ
فائدہ ④ اللہ تعالیٰ ایک بار درود شریف پڑھنے پر دس

درجاتٍ۔
درجات بلند فرماتے ہیں۔

الخامسۃُ۔ انّہ تعالیٰ یکتُب لہ عشرَحسناتٍ۔
فائدہ ⑤ اور دس حسنات لکھتے ہیں۔

السادسۃُ۔ انّہ تعالیٰ یمحُو عنہ عشرَ
فائدہ ⑥ اور ایک بار درود شریف پڑھنے سے اللہ

سیّئاتٍ۔
تعالیٰ دس گناہ معاف فرماتے ہیں۔

السابعۃُ۔ انّھا سببٌ لغُفران الذنوب۔
فائدہ ⑦ درود شریف گناہوں کی مغفرت کا سبب ہے۔

کما ثبَتَ فی بعض الآثار۔
جیساکہ بعض آثار میں ہے۔

الثامنۃُ۔ انّہ یُرجیٰ اِجابۃُ دعائِہٖ اِذا قدَّمھا
فائدہ ⑧ درود شریف کے ذریعہ قبولیتِ دعا کی امید کی جاتی

امامَ الدعاءِ فالصلاۃُ تُصاعِد الدعاءَ الی اللہ تعالیٰ
ہے جب کہ دعا سے قبل درود شریف پڑھا جائے۔ پس درود شریف دعا کو اللہ تعالیٰ تک

وکان موقوفاً بین السماء والارض قبلہا۔
پہنچاتا ہے جب کہ درود شریف کے بغیر دعا آسمان و زمین کے درمیان محبوس ہوتی ہے۔

التاسعۃ۔ انّہا سببٌ لکفایۃِ اللہ العبدَ ما
فائدہ ⑨ درود شریف کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کفایت فرماتے ہیں

اَھَمَّہٗ۔
بندے کے ہر اہم کام کی۔

العاشرۃُ۔ انّہا سببٌ لِقُرب العبدِ مِن النبیّ صلّی
فائدہ ⑩ درود شریف بندے کے لیے قربِ نبی

اللہ علیہ وسلّم یومَ القیامۃِ۔ وقد رُوی ذٰلک
علیہ السلام کا سبب ہے بروزِ قیامت۔ یہ بات مروی ہے

فی حدیث ابن مسعودٍ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
ابنِ مسعودؓ کی ایک حدیث میں۔

الحادیۃُ عشرۃ۔ انّہا تقومُ مقامَ الصّدَقۃِ لِذِی
فائدہ ⑪ درود شریف صدقہ و خیرات کے قائم

العُسْرَۃِ۔
مقام ہے تنگ دست کے لیے۔

الثانیۃُ عشرۃِ۔ انّہا سببٌ لِقضاءِ الحوائج۔
فائدہ ⑫ یہ قضاءِ حاجات کا سبب ہے۔

الثالثۃُ عشرۃِ۔ انّہا زکاۃٌ للمصلّی وطہارۃٌ لہ۔
فائدہ ⑬ یہ طہارتِ قلب و پاکیزگیٔ باطن کا سبب ہے۔

الرابعۃُ عشرۃِ۔ انّہا سببٌ لِتبشیر العبدِ
فائدہ ⑭ وہ سبب ہے بندے کے لیے

بالجنّۃ قبلَ موتہٖ۔ ذکرہ الحافظ ابوموسیٰؒ فی
بشارتِ جنت کا موت سے قبل۔ حافظ ابوموسیٰؒ نے اس بارے میں اپنی

کتابہٖ وذکر فیہ حدیثاً۔
کتاب میں ایک حدیث ذکر کی ہے۔

الخامسة عشرة۔ انہا سببٌ للنجاۃ من اَھوال
فائدہ ⑮ وہ سبب ہے نجات کا خطرات سے

یوم القیامۃ ۔ ذکرہ ابو موسیٰؒ وذکرفیہ حدایثاً۔
بروز قیامت ۔ حافظ ابوموسیٰؒ نے اس سلسلے میں ایک حدیث ذکر کی ہے ۔

السادسۃ عشرۃ۔ انّہا سببٌ لِردّ النبیّ صلّی اللہ
فائدہ ⑯ درود شریف کے سبب درود بھیجنے

علیہ وسلّم الصّلاۃ و السّلامَ عَلی المصلّی و
والے کے جواب میں نبی علیہ الصلاۃ والسلام بھی دعا و

المسلّم علیہ ۔
سلام بھیجتے ہیں ۔

السابعۃ عشرۃ۔ انّہا سببٌ لِتذکُّر العبد
فائدہ ⑰ وہ سبب ہے بھولی ہوئی چیز کے

ما نَسِیَہٗ ۔ کما ورد فی بعض الآثار ۔
یاد آجانے کا ۔ جیساکہ بعض آثار میں وارد ہے ۔

الثامنۃ عشرۃ۔ انّہا سببٌ لنفی الفقر۔ کما
فائدہ ⑱ وہ سبب ہے فقر و غربت کے ازالے کا ۔

روی فی بعض الاحادیث۔
جیساکہ بعض احادیث میں مروی ہے ۔

التاسعۃ عشرۃ۔ انّہا تُنجی من نَتَنِ المجلس
فائدہ ⑲ وہ نجات کا ذریعہ ہے مجلس کی اس

الذی لا یُذکرفیہ اللہُ و رسولُہٗ ۔
بدبُو سے جو ذکر اللہ و ذکرِ رسول کے عدم سے پیدا ہوتی ہے ۔

العشرون۔ انّہا سببٌ لوفور نور العبد عَلی
فائدہ ⑳ وہ سبب ہے بندے کے نُور کی شدّت و اضافے کا

الصّراط ۔ وفیہ حدیثٌ ذکرہ ابوموسیٰؒ وغیرہ ۔
پُل صراط پر۔ اس میں ایک حدیث ہے جو حافظ ابوموسیٰؒ وغیرہ نے ذکر کی ہے ۔

الحادیۃُ والعشرون۔ انّھا سببٌ لِنیل رحمۃِ
فائدہ ㉑ وہ سبب ہے اللہ تعالیٰ کی

اللہ لہ۔ لانّ الرحمۃَ إمّا معنیٰ الصّلاۃِ کما قالہ
رحمت حاصل کرنے کا۔ کیوں کہ رحمت ہی صلاۃ کا معنیٰ ہے بعض

طائفۃٌ من العلماء و إمّا مِن لوازمھا و موجباتھا
علماء کے نزدیک۔ یا رحمت درود شریف کے لوازم وثمرات میں سے ہے

کما قالہ غیرُ واحدٍ من العلماء و الجزاءُ من
جیسا کہ بعض علماء نے کہا ہے۔ اور جزاء از

جنس الدعاء فلابُدّ للمصلّی من رحمۃٍ تنالہ
جنسِ دعا ہوتی ہے۔ لہٰذا درود بھیجنے والا ضرور رحمت پاتا

جزاءً۔
ہے بطور جزاء کے۔

الثانیۃُ والعشرون۔ انّھا سببٌ لدوام محبّتہ
فائدہ ㉒ وہ سبب ہے بندے کے

للرسول صلّی اللہ علیہ وسلّم و زیادتھا و
دل میں نبی علیہ السلام کی محبّت کے دوام کا اور محبّت کی

تضاعُفِھا۔
زیادت کا۔

الثالثۃُ والعشرون۔ انّھا سببٌ لِھدایۃِ العبدِ
فائدہ ㉓ وہ سبب ہے بندے کی ہدایت

وحیاۃِ قلبہ۔
اور حیاتِ قلب کا۔

الرابعۃُ والعشرون۔ انّھا سببٌ لذکر اسم
فائدہ ㉔ وہ سبب ہے بندے کے

المصلّی عند النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلّم لقولہ
ذکرِ خیر کا نبی علیہ السلام کے پاس (قبر میں) کیوں کہ حدیث

علیہ السّلامُ: انّ صَلاتکم مَعروضۃٌ عَلیّ =
شریف ہے کہ تمہارے درود شریف مجھ پر پیش ہوتے ہیں۔

وقولہ علیہ السلام: انّ اللہ وَکّلَ بِقبری
ایک اور حدیث ہے کہ اللہ نے میری قبر کے پاس متعین فرمائے

ملائکۃً یُبلّغونی عن اُمّتِی السّلامَ۔ وکفٰی
ہیں فرشتے جو مجھے میری امّت کا درود وسلام پہنچاتے رہتے ہیں۔ اور کافی ہے

بالعبد نبلاً اَن یُذکَر اسمُہ بین یَدَی
بندے کے لیے یہ شرف کہ اُس کا نام ذکر کیا جائے نبی علیہ

رسولِ اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم۔
الصلاۃ والسلام کے پاس (قبر میں)۔

الخامسۃ والعشرون۔ انّھا متضمِّنۃٌ لذِکر
فائدہ ۲۵ وہ متضمِّن ہے ذکر اللہ

اللہ وشکرِہٖ ومعرفۃِ اِنعامِہٖ علیٰ عَبِیدہٖ
و شکر اللہ اور انعام اللہ کی معرفت کو اپنے بندوں پر

بارسالِ النبیِّ صلّی اللہ علیہ وسلّم۔ فالصَّلاۃُ
کہ نبی علیہ السلام کو رسول بناکر بھیجا۔ پس نبی

علی النبیِّ صلّی اللہ علیہ وسلّم قد تَضَمّنت
علیہ الصلاۃ والسلام پر درود شریف بھیجنا متضمِّن ہے

ذکرَ اللہ و ذکر رسولِہٖ و سؤال المصلِّی اَن
ذکر اللہ کو اور ذکرِ رسول کو اور مُصلّی کے اس سوال کو کہ

یَّجزیَہٗ بصلاتِہٖ علیہ ما ھو اَھلُہٗ کما
اللہ تعالیٰ وہ بدلہ دے نبی کو اس دُرود کے ذریعہ جو اُن کے شایانِ شان ہو جس طرح

عَرَّفنا ربّنا الکریمَ وصفاتِہٖ وھدانا الی
نبی علیہ السلام نے ہمیں اپنے ربّ تعالیٰ پر اور اس کی صفات پر مطّلع کیا اور ہماری رہنمائی

مَرضاتِہٖ تعالیٰ وسبحانَہٗ۔
فرمائی اللہ تعالیٰ کی رضا کے راستے کی طرف۔

الفائدۃُ العاشرۃ۔ یجب علیٰ کلّ مؤمنٍ ان
دسواں فائدہ ۔ ہر مؤمن پر لازم ہے کہ

یُکثِر الصَّلاۃَ علی النبیّ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
نبی علیہ الصلاۃ والسلام پر کثرت سے صلاۃ و سلام بھیجے

حتّٰی یزداد عددُ صلواتِہ علی عدد ذُنوبہ ویدخُل
تاکہ صلاۃ و سلام کی تعداد اس کے گناہوں سے زیادہ ہوجائے

الجنّۃ ۔
اور وہ جنّت میں داخل ہوجائے ۔

فقد حکیٰ الحافظ السخاویؒ عن بعض العلماء انہ
اس سلسلے میں حافظ سخاویؒ نے یہ عجیب حکایت ذکر کی ہے کہ بعض

رأی اباالحفص الکاغدیؒ بعد وفاتہ فی المنام وکان سیّدًا کبیرًا
علماء نے ابوحفص کاغدی کو وفات کے بعد خواب میں دیکھا۔ ابوحفص بہت بڑے سردار تھے۔

فقال لہ ما فعَلَ اللّٰہُ بك ؟ قال رَحِمَنی و غفرلی
اُس نے پوچھا کہ اللہ نے آپکے ساتھ کیا برتاؤ کیا؟ ابوحفص نے کہا کہ اللہ نے مجھ پر رحم کرتے ہوئے میری مغفرت

و اَدخلنِی الجنّۃَ فقیل لہ بماذا ؟ قال لمّا وَقفتُ
فرمائی اور جنّت میں داخل کیا۔ اس شخص نے بخشش کا سبب پوچھا تو ابوحفص نے فرمایا کہ اللہ کے سامنے

بین یدَیہ امَرَ الملائکۃَ فَحسَبُوا ذُنوبِی و
کھڑے ہونے کے بعد اللہ نے فرشتوں کو یہ حکم دیا کہ اس کے گناہوں اور

حسبوا صلاتی علی المصطفیٰ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم
درود شریف کو شمار کرلو ۔ گننے کے بعد فرشتوں

فوجدُوا صَلاتِی اکثر فقال لھم المولیٰ جلّت قدرتُہ
نے میرے درود شریف کی تعداد زیادہ پائی۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے فرشتو!

حَسبُکم یا ملائِکتِی لاتُحاسِبُوہ واذھبوابہ الیٰ
بس حساب کا سلسلہ بند کردو اور ابوحفص کو درود شریف

جنّتِی ۔ قول بدیع ۔
کی برکت سے میری جنت میں داخل کردو۔

الفائدۃُ الحادیۃُ عشرۃ۔ قد سمّی اللّٰہُ تعالیٰ
گیارہواں فائدہ ۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے

نبیّنا صلّی اللّٰہ علیہ وسلم بأسماءٍ کثیرۃٍ فی القرآن
نبی علیہ السلام کو بہت سے اسماء (ناموں)

العظیم وغیرہ من الکُتب السماویّۃ وعلیٰ اَلسِنَۃ
سے موسوم فرمایا ہے قرآن میں اور دیگر کتبِ سماویہ میں اور گزشتہ

اَنبیائِہٖ علیھم الصّلاۃ والسلام۔ واشھَرُ اَسمائِہٖ
انبیاء علیہم السلام کی زبانوں کے ذریعہ ۔ آپؐ کا سب

علیہ السلام محمّد ثم اَحمَد۔ قالوا انّ کثرۃَ
سے مشہور نام محمد ہے پھر احمد ۔ علماءِ کبار کہتے ہیں

الاَسماء تَدُلّ علی شرف المُسَمّٰی وعَظمتِہٖ و
کہ ناموں کی کثرت مسمّٰی کی شرافت و عظمت و

ھَیْبتِہٖ ۔
ہیبت کی دلیل ہے ۔

قال القاضی عیاضؒ اِنّ اللّٰہ تعالیٰ قد خَصَّہٗ
قاضی عیاضؒ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام کو اس

علیہ السلام بانّ سَمّاہ مِن اَسمائِہٖ الحُسنیٰ بنحو
خصوصی شرف سے نوازا ہے کہ اپنے اسماءِ حسنیٰ میں سے تیس ناموں سے

ثلاثین اسمًا ۔ وفی شرح الترمذی للحافظ ابن العربی
آپؐ کو موسوم فرمایا ہے ۔ حافظ ابن عربیؒ نے شرح ترمذی

المالکیؒ قال بعضُ الصوفیۃ لِلّٰہ تعالیٰ الفُ اسمٍ وللنبیّ
میں بعض صوفیہ کا یہ قول ذکر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہزار نام ہیں اور نبی

صلّی اللّٰہ علیہ وسلم الفُ اسمٍ۔ انتہیٰ ۔
صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی ہزار نام ہیں ۔

وجمیعُ اَسماءِ النبیّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم التی
نبی علیہ السلام کے تمام منقول و مروی

وَرَدَت ھی فی الحقیقۃ اوصافُ ثناءٍ ومدائح فذکرلہ
نام درحقیقت آپؐ کی صفاتِ مدح ہیں ۔ علامہ ابنِ

صلّی اللہ علیہ وسلّم ابنُ دحیۃ فی کتابہ
دحیہؒ نے اپنی کتاب مستوفیٰ میں نبی علیہ السلام کے

المستوفیٰ نحو ثلاثمائۃ اسمٍ و الحافظُ السخاویؒ
تقریباً تین سو نام ذکر کیے ہیں ۔ حافظ سخاویؒ نے

فی القول البدیع و القاضیؒ فی الشفاء و العلّامۃ ابن
قولِ بدیع میں ، قاضی عیاضؒ نے شفاء میں اور علّامہ ابن

سیّد النّاسؒ مایُنیف علیٰ اربعمائۃ اسمٍ ۔
سیّد النّاسؒ نے چارسو سے زیادہ اسماءِ نبویّہ ذکر کیے ہیں ۔

الفائدۃُ الثانیۃُ عشرۃ ۔ اسماءُ النبیّ صلّی اللہ
بارہواں فائدہ ۔ احادیث میں نبی

علیہ وسلّم المنصوصۃُ المرویّۃُ فی الاحادیث
علیہ السلام کے منقولہ صریح اسماء مبارکہ تھوڑے

قلیلۃٌ فعن جبیر بن مطعمؓ مرفوعًا انّ لی خمسۃَ اَسماءٍ
ہیں ۔ حضرت جبیرؓ نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد ذکر کرتے ہیں کہ میرے مخصوص مشہور نام پانچ

فذکر محمدًا و احمد و الماحی و الحاشر و العاقب۔
ہیں محمد ، احمد ، ماحی ، حاشر اور عاقب ۔

رواہ الشیخان ۔ وفی روایۃ احمد زیادۃ السادس و ھو
روایتِ احمد میں چھٹے نام یعنی خاتم کا بھی ذکر

الخاتم ۔ و روی الحافظ ابوبکر محمد بن الحسن البغدادیؒ
ہے ۔ حافظ ابوبکر مفسّرؒ نے باسند نبی علیہ السلام

المفسّر باسنادہ مرفوعًا انّ لی فی القرآن سبعۃَ اسماءٍ
کی یہ حدیث ذکر کی ہے کہ قرآن مجید میں میرے سات مخصوص نام مذکور ہیں

محمد و احمد و یٰسٓ و طٰہٰ و المزّمّل و المدّثّر
یعنی محمد ، احمد ، یٰسٓ ، طٰہٰ ، مزّمّل ، مدّثّر

و عبد اللّٰہ ۔
اور عبد اللہ ۔

الفائدۃُ الثالثۃُ عشرۃ۔ رسالتی ھٰذہٖ مشتملۃٌ
تیرھواں فائدہ ۔ میرا یہ رسالہ مشتمل ہے

علیٰ طریقۃٍ جدیدۃٍ بدیعۃٍ وھی ذکرُ اسمٍ
ایک نئے مفید طریقے پر۔ وہ نیا طریقہ یہ ہے کہ اسماءِ

جدیدٍ من اَسماء النبیّ علیہ الصلاۃ و السلام عند
نبویّہ میں سے نیا نام مذکور ہے

کلِّ صلاۃٍ علیہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم ۔
ھر درود شریف میں ۔

فعددُ الصلواتِ و التسلیماتِ المذکورتین مرّۃً
پس وہ صلاۃ و سلام جو مذکور ہیں

قبل کلّ اسم نبویٍّ مبارکٍ و اُخرٰی بعدَ کلِّ اسمٍ
ھر اسم نبوی سے قبل اور ھر اسم کے

نبویٍّ مبارکٍ ضِعفُ عددِ الاَسماء الشریفۃِ النبویّۃ
آخر میں اُن کی تعداد دُگنی ہے اُن اسماءِ نبویّہ سے جو

المذکورۃِ فی ھٰذہ الصحیفۃ۔ و الاَسماءُ النبویّۃُ الموجودۃُ
مذکور ہیں اِس صحیفہ میں ۔ اور اسماءِ نبویّہ جو مذکور ہیں

فی ھٰذہ الصَّحیفۃ ھی زُھاء ثمانمائۃ اسمٍ ۔
اِس صحیفہ میں وہ تقریبًا آٹھ سو ہیں ۔

ثم انّ لھٰذہ الطریقۃِ الجدیدۃِ المذکورۃ
اور بے شک اِس جدید طریقہ کے جو مذکور ہے

فی ھٰذہ الصحیفۃ فوائدَ عظیمۃً وثمراتٍ کثیرۃً
رسالۃ ھٰذا میں بڑے فوائد اور بہت مفید

نافعۃً جدًّا ۔
ثمرات ہیں ۔

الثمرة الأولى ۔ منها الصّلاةُ و التسليمُ علىٰ النبيّ
پہلا ثمرہ ۔ ان میں سے ایک ثمرہ نبی علیہ السلام پر

صلّى الله عليه وسلّم و كثرتهما علىٰ وِفق ضِعفِ
کثرت سے صلاۃ و سلام بھیجنا ہے ۔ اور یہ عدد ضِعف (دُگنا)

عددِ الاسماءِ النبويّةِ ولا يخفىٰ علىٰ أصحاب
ہے عددِ اسماءِ نبویّہ سے ۔ اور مخفی نہیں ہے روشن ضمیر

البصيرةِ المنيرةِ و الفطرةِ السليمةِ انّ هٰذا العَدَدَ
اور فطرتِ سلیمہ والوں پر یہ امر کہ صلاۃ و

مِنَ الصَّلوات و التسليمات مِمّا يسُرّ المصلّين
سلام کا یہ عدد درود پڑھنے والوں کے لیے موجبِ مسرّت

و يطمئِنّ به قلوبهم لكونه متفرّعًا علىٰ رعاية
اور باعثِ اطمینانِ قلب ہے ۔ کیوں کہ یہ عدد مبنی ہے اسماءِ

عدد الاسماء النبويّة المباركة و مرتّبًا علىٰ
نبویّہ مبارکہ کی تعداد پر اور نبی علیہ السلام

جَعْل عددِ الصفات الشريفة المصطفويّة أساسًا
کی صفاتِ شریفہ کے مجموعی عدد کو عددِ صلاۃ و

لعدد الصّلوات و التسليمات ۔
سلام کے لیے بنیاد قرار دینے پر ۔

الثمرة الثانية ۔ هى الثناءُ علىٰ النبيّ ومدحه
دوسرا ثمرہ ۔ دوسرا ثمرہ ہے نبی علیہ السلام

عليه السلام بطريقٍ غريبٍ جذّابٍ للقلوبِ إذ
کی مدح و ثناء ۔ عجیب دل کش طریقے سے ۔ کیونکہ

هٰذه الاسماءُ المباركةُ فى الحقيقةِ أوصافُ
یہ اسماءِ مبارکہ درحقیقت صفاتِ

مدائح و ألقاب كماليّ له عليه الصّلاة و السلام ۔
مدح و القابِ کمال ہیں نبی علیہ السلام کے لیے ۔

ومدحُ النبیّ علیہ الصّلاۃ والسّلام لاجل کونہ
اور نبی علیہ السلام کی مدح چوں کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث ہے اور

رِضًا للرحمٰن و رَغمًا للشیطٰن فائِدۃٌ بِرأسِہا عظیمۃٌ۔
شیطان کی ذلّت کا سبب اس لیے وہ ایک عظیم مستقل فائدہ ہے۔

الثمرۃ الثالثۃ۔ ھی اشتمال ھٰذہ الطریقۃ الجدیدۃ
تیسرا ثمرہ ۔ وہ یہ ہے کہ یہ جدید طریقہ

علی اَبلغ ثناءٍ علی النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلم
نبی علیہ السلام کی کامل ثناء پر مشتمل ہے۔

کیف لا و الثناءُ المندرجُ فی فحوٰی ھٰذہ الاسماءِ المبارکۃِ
اور کیونکر ایسا نہ ہو جبکہ یہ ثناء جو داخل ہے اِن اسماء مبارکہ کے ضمن میں

ثناءٌ متناہٍ و مدحٌ فائق قلّما یُوازیہ الثناءُ بعباراتٍ
اتنی جامع و فائق ہے کہ اس کے ساتھ نہایت طویل

مطنبۃ اَضعافًا مضاعفۃ۔
عبارات والی ثناء کا برابر ہونا مشکل ہے۔

فثناءُ النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلم اِحدٰی
پس نبی علیہ السلام کی مطلق ثناء و

الفوائد وقد مَرَّ ذکرُ ھٰذہ الفائدۃ فی الثمرۃ
مدح ایک فائدہ ہے جس کا ذکر ثمرۂ دوم میں

الثانیۃ۔ ثم کونُ الثناءِ متناھیًا بالغًا الغایۃَ بحسب
گزر چکا ہے۔ پھر اِس ثناء کا جامع و کامل ہونا ہماری استطاعت

ما نَستطیع فائدۃٌ اُخرٰی عظیمۃ و نُورٌ علی نُورٍ۔
کے مطابق دوسرا بڑا فائدہ ہے اور نور علیٰ نور ہے۔

الثمرۃ الرابعۃ۔ ھٰذہ الطریقۃ المذکورۃ فی
چوتھا ثمرہ ۔ یہ طریقہ جو مذکور ہے

ھٰذہ الصحیفۃ لکونہا جدیدۃً فریدۃً بالنظر الی
اِس صحیفہ میں چونکہ یہ جدید و بے مثال ہے اِس لحاظ سے کہ

اشتمالها على الاسماء النبويّة الكثيرة لذيذةٌ جدًّا

یہ مشتمل ہے بہت سے اسماء نبویّہ پر۔ اس لیے یہ نہایت

تَنفِي التعبَ و السَّاٰمَةَ عند قراءتها۔ و لذا قيل كُلُّ

دلکش ہے۔ یہ دافع ہے تھکان اور تنگی قلب کے احساس کے لیے پڑھتے وقت۔ مشہور قول

جديدٍ لذيذٌ وكلُّ لذيذٍ مُرِيحٌ۔

ہے کہ ہر جدید چیز لذیذ اور ہر لذیذ شئے راحت دہ ہوتی ہے۔

الثمرة الخامسة۔

هٰذه الطريقةُ مُرغِّبةٌ

پانچواں ثمرہ - یہ طریقہ درود پڑھنے

للمصلّين ترغيبًا شديدًا و داعيةٌ لهم الى

والوں کو شدید ترغیب دہندہ اور داعی ہے صلاۃ و

الصّلاة و التسليم و باعثةٌ على المواظبة بهما۔

سلام کی طرف اور ان پر مداومت کی طرف۔

كيفَ لا و ذكرُ كلِّ اسمٍ من هٰذه الأسماء الشريفة

وجہ یہ ہے کہ اِن اسماءِ شریفہ میں سے ہر ایک اسم

عِلّةٌ قويّةٌ تُرغِّب فى الاكثار من الصّلوات و

قوی علّت ہے کثرت سے صلاۃ و سلام پڑھنے کی

التسليمات و سببٌ محكمٌ يحثُّ علىٰ المواظبة

ترغیب کی اور محکم سبب ہے اِن پر مداوَمت کا۔

كما لا يخفىٰ. فكُلُّ اسمٍ جديدٍ كأنّه باعتبار معناه

اور یہ امر مخفی نہیں۔ پس ہر اسمِ جدید گویا کہ معنیٰ لطیف

اللطيف داعٍ جديدٌ يدعُو الى الصّلاةِ على النبيّ صلّى

کی وجہ سے نیا باعث ہے جو دعوت دیتا ہے درود شریف بھیجنے

الله عليه وسلّم۔

کی نبی علیہ السلام پر۔

الثمرة السّادسة۔

لا يخفىٰ على ذوى الألباب

چھٹا ثمرہ - یہ بات عقلمندوں پر پوشیدہ نہیں

أَنَّ عَدَّ الأَسماءِ النبويّةِ المباركةِ وتكريرَها بذكر
کہ نبی علیہ السلام کے ان مبارک اسماء کا مسلسل یکے بعد

اسمٍ بعد اسمٍ مع قطع النظر عن الصَّلاۃ وعن
دیگرے ذکر صلاۃ اور فائدۂ صلاۃ سے قطع نظر

فائدۃ الصَّلاۃ یزید فی قلب القارئ المحبّۃَ النبویّۃَ
قاری کے دل میں محبّتِ نبوی بڑھاتا ہے

ویؤکِّد الرابطۃَ الروحانیّۃ بین المصلِّی والنبیّ صلّی
اور مستحکم کرتا ہے روحانی رابطہ کو مصلّی اور نبی علیہ

اللّٰہ علیہ وسلّم۔
السلام کے درمیان۔

الثمرۃُ السّابعۃُ۔ یَعلَم حقّ الیقینِ مَن کان
ساتواں ثمرہ — یہ بات حقّ الیقین کی حد تک جانتا ہے وہ

ذا قلبٍ سلیمٍ و اَلقیٰ السّمعَ وھو شَہیدٌ اَنَّ عدَّ
شخص جو قلبِ سلیم والا اور غور و فکر سے سننے والا ہو کہ نبی علیہ السلام

الأسماءِ النبویّۃِ الشریفۃِ باجمعِھا وذکرَھا عن آخرِھا
کے سارے اسماء مبارکہ کا ذکر صلاۃ و سلام

عند الصَّلاۃِ و التسلیم یُورِث فی القلوب نُورًا
پڑھتے وقت دلوں میں وہ قندیلِ نور روشن کرتا ہے

تَنشرِحُ بہ الصُّدورُ و تَطمئِنّ بہ القلوبُ و یُحِسّ
جس سے سینوں میں انشراح اور دلوں میں اطمینان پیدا ہوتا ہے اور قاری

القارئُ المصلِّی کأنّ السکینۃَ الرّبّانیّۃَ تَنزِل
یہ محسوس کرتا ہے کہ گویا سکینۂ ربّانیہ اس کے

علی قلبِہ نُزولًا و رحمۃَ اللّٰہ تعالیٰ تدِرّ علیٰ
قلب پر اور اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت اس کے سر پر

رأسِہ مِدرارًا۔
مسلسل نازل ہو رہی ہے۔

الثمرةُ الثامنةُ۔ تُفيد هٰذه الطريقةُ علمًا
آٹھواں ثمرہ – درود شریف کے اس طریقے سے علم حاصل ہوتا ہے

ببعض المقامات النبويّةِ الفائقةِ و استحضارًا
کئی بلند مقاماتِ نبویّہ کا اور استحضار ہوتا

لغير واحدٍ من المناصِب المصطفويّةِ العاليةِ فی
ہے نبی علیہ السلام کے بے شمار مراتبِ عالیہ کا

ذهن المصلّی۔
مصلّی کے ذہن میں۔

إذ فی اکثر الأسماءِ إيماءٌ الی مقاماتٍ رفيعةٍ
کیوں کہ اکثر اسماء نبویّہ میں اشارے ہیں ان بلند مقامات

و مَراتبَ عاليةٍ مختصّةٍ بالنبیّ صلّی اللّٰہ علیہ و
و مراتب کی طرف جو نبی علیہ السلام کے ساتھ مختص

سلم مثل الشفاعةِ الكُبرٰی و كونِہٖ علیہ السلام
ہیں۔ مثل شفاعتِ کُبریٰ ، ابراہیم علیہ السلام

دعوةَ ابراهيم و بُشرٰی عیسٰی و سیّد الأنبياءِ وَ
کی دعا اور عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت کا مظہر ہونا اور کُل انبیاء و

المرسَلين عليهم الصلاة و السلام و نحو ذلك۔
مُرسَلین علیہم السلام کا سردار ہونا وغیرہ وغیرہ۔

و استحضارُ هٰذهِ المقاماتِ الجليلةِ النبويّةِ
اور اِن مقاماتِ جلیلہ نبویّہ کا مستحضر و

وجعلُها ممثّلةً فی الضمير و مصوّرةً فی العقل
ممثّل ہونا دل میں اور مصوّر ہونا عقل میں

فائدةٌ جليلةٌ و نورٌ زائدٌ علٰی اصلِ الصلاةِ
بہت بڑا فائدہ ہے اور زائد نُور ہے اصلِ صلاۃ

و التسليم۔
و سلام پر۔

فینبغی للمصلّی قاریِٔ ھٰذہ الرسالۃ اَن لا تزال ھٰذہ المقامات
لہٰذا مناسب ہے مصلّی اور اس رسالہ کے قاری کے لیے کہ ہمیشہ یہ بلند مقاماتِ

الرفیعۃ النبویّۃ والمناقب البدیعۃ المصطفویّۃ جائلۃً فی ضمیرہ و
نبویّہ و مناقبِ مصطفویّہ گردش کریں اس کے ضمیر میں

نجیّۃً لفؤادہ ومعانِقۃً لفکرہ ما استطاع فانہ یجد عند ذالک
اور ہمراز ہوں اُسکے دل کے ساتھ اور پیوستہ ہوں اسکے ذہن سے حسب استطاعت۔ کیونکہ وہ پائیگا اس صورت

لذّۃً لا تُماثَل وسکینۃً فی القلب لا تُساجَل۔
میں بے مثال روحانی لذّت و سکون۔

الثمرۃُ التاسعۃُ۔ استحضارُ ھٰذہ المقامات المصطفویّۃ فی
نواں ثمرہ ۔ اِن بلند مقاماتِ نبویّہ کا استحضار و تصوّر دل

القلب عند الصّلاۃ والتسلیم یَبعث کلَّ مُصلٍّ علی کثرۃ الصّلاۃ
میں ۔ بوقت صلاۃ و سلام آمادہ کرتا ہے ہر مصلّی کو کثرتِ صلاۃ

والتسلیم ویُشوّقہ الیٰ مُواظَبۃ ذلک تَشویقًا بالغًا الغایۃَ وینفی
و سلام پر اور اسے ان کی مداومت کا انتہائی مشتاق بناتے ہوئے اس سے ازالہ

عنہ کلفۃَ المشقّۃِ و النَّصَب عند اِکثار الصّلاۃِ
کرتا ہے تکثیرِ صلاۃ و سلام کے وقت مشقّت اور

و التسلیم۔
تھکان کا ۔

حیث یَستَیقِن المصلّی حقَّ الیقین بحسب تَناھیُ
کیونکہ مصلّی کو حق الیقین حاصل ہوجاتا ہے کامل و

ھٰذا التّصویرِ الذھنیِّ و الاستحضارِ القلبیِّ انّ
اکمل استحضار و تصوّر قلبی کے پیش نظر اِس

نَبیّنا صلّی اللہ علیہ وسلّم ذُو مقاماتٍ سَنِیّۃٍ
بات کا کہ ہمارے نبی علیہ السلام بے مثال بلند درجات

لا تُسامٰی و ذُو مراتبَ عَلیّۃٍ لا تُباھیٰ و انّ مَن کانَ
اور بے نظیر۔ برتر مراتب کے مالک ہیں۔ اور اِس امر کا یقین کہ

هٰذا شانه عند الله تعالىٰ يجب علينا أن نُكثِرَ
جس انسان کا درجہ عند اللہ اتنا بلند ہے ہم پر لازم ہے یہ کہ اُن پر

عليه الصَّلاةَ و التسليمَ و أن نُواظِب علىٰ تحصيل
کثرت سے درود بھیجیں اور یہ کہ ہم مداومت کریں اس

هٰذه المكرُمَةِ الكريمةِ و المفخرةِ الفاخرةِ و
امر کی تحصیل پر جو بڑی بزرگی اور بڑے فخر کا باعث ہے ۔ اور

أن لا نُبالِي بالمشقّةِ الطارئةِ في هٰذا السبيل ۔ هٰذه
یہ کہ ہم پرواہ نہ کریں اِس راہ میں کسی مشقت کی ۔ یہ

فائدةٌ عظيمةٌ للاستحضار القلبيّ المستنتِجةِ تكثيرَ
بڑا فائدہ ہے مذکورہ صدر تصوّر کا جس کا نتیجہ ہے

الصَّلاةِ و التسليمِ و الترغيبَ في ذلك ۔
صلاۃ و سلام کی تکثیر و ترغیب ۔

ثم انّ هٰذا المقام مقام الإكثار من الصَّلاة
پھر کثرت سے درود پڑھنے کا مقام ایک اور

يُؤدِّي الىٰ مقامٍ آخر فوقه وهو مقامُ العاشِقين
بلندتر مقام تک پہنچاتا ہے ۔ اور وہ مقام ہے اُن

الوالِهين المحِبّين للنبيّ صلّى الله عليه وسلّم حُبًّا
